مقالہ

ختمِ نبوّت

کتاب و سنت کی روشنی میں

تالیف

شیخ الحدیث امام اہلسنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر مدظلہ

ناشر مکتبہ صفدریہ نزد گھنٹہ گھر گوجرانولہ

مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ۔
(قرآن کریم)

ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی (حدیث شریف)

مقالہ

ختم نبوت کتاب و سنت کی روشنی میں

یہ مقالہ تحفظِ ختم نبوت کے عالمی اجلاس دار العلوم دیوبند (بھارت) کیلئے تحریر کیا گیا تھا۔ جو ۲۹ ، ۳۰ ، ۳۱ اکتوبر ۱۹۸۶ء کو ہونے والا تھا۔ مگر سوئے اتفاق سے ویزا نہ مل سکنے کی وجہ سے یہ مقالہ نہ وہاں پہنچا اور نہ پڑھا جا سکا

اب یہ طلبۂ علم اور عام مسلمانوں کے افادہ کیلئے طبع کیا جا رہا ہے ۔

ابو الزاہد محمد سرفراز

طبع ہفتم فروری ۲۰۱۰

نام کتاب .... مقالہ ختم نبوت کتاب وسنت کی روشنی میں

مصنف .... امام اہلسنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ

تعداد .... گیارہ سو (۱۱۰۰)

قیمت .... [redacted] روپے

مطبع .... مکی مدنی پرنٹرز لاہور

ناشر .... مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

ملنے کے پتے

- ☆ مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور
- ☆ مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
- ☆ دار الکتاب اردو بازار لاہور
- ☆ مکتبہ سلطان عالمگیر اردو بازار لاہور
- ☆ مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
- ☆ کتب خانہ مجیدیہ بوہڑ گیٹ ملتان
- ☆ مکتبہ سید احمد شہید اکوڑہ خٹک
- ☆ کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی
- ☆ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ
- ☆ اقبال بک سنٹر جہانگیر پارک کراچی
- ☆ مکتبہ فاروقیہ حنفیہ اردو بازار گوجرانوالہ
- ☆ مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور
- ☆ مکتبہ الحسن اردو بازار لاہور
- ☆ بک لینڈ اردو بازار لاہور
- ☆ ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور
- ☆ مکتبہ حقانیہ ملتان
- ☆ مکتبہ علمیہ اکوڑہ خٹک
- ☆ مکتبہ رحمانیہ قصہ خوانی پشاور
- ☆ مکتبہ فریدیہ اسلام آباد
- ☆ ادارہ الانور بنوری ٹاؤن کراچی
- ☆ کتب خانہ مظہری گلشن اقبال کراچی
- ☆ والی کتاب گھر اردو بازار گوجرانوالہ
- ☆ ظفر اسلامی کتب خانہ جامع مسجد بوہڑ والی گکھڑ

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
عرضِ حال	۷	پہلی حدیث حضرت ابو ہریرہؓ سے	۲۱
حضرت مہتمم صاحب دار العلوم دیوبند کا دعوت نامہ	۸	اس کی تائید حضرت جابرؓ کی حدیث سے	۲۱
		دوسری حدیث حضرت ابی ہریرہؓ سے	۲۲
ختم نبوت پر قرآن کریم کی آیت	۱۳	تیسری حدیث حضرت ثوبانؓ سے	۲۳
اس کا شانِ نزول	۱۳	چوتھی حدیث حضرت جابرؓ سے	۲۳
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد	۱۴	پانچویں حدیث حضرت عرباضؓ سے	۲۴
لفظ رسول اور نبی کا معنی	۱۵	چھٹی حدیث حضرت انسؓ سے	۲۵
خاتم اسم آلہ کا صیغہ ہے	۱۶	ساتویں حدیث حضرت سعدؓ بن ابی وقاص سے	۲۵
لفظ خاتم اور قادیانی	۱۶		
محمد علی لاہوری کا بیان	۱۸	آٹھویں حضرت ابو امامہ الباہلیؓ سے	۲۶
خاتم ماضی کا صیغہ بھی ہو سکتا ہے	۱۹	اجماع اُمت	۲۶
امام مبردؒ کا حوالہ	۱۹	حضرت ملا علی القاریؒ کا حوالہ	۲۷
اقوالِ مرزا صاحب	۲۰	فائدہ نئے نبی کے آنے سے ختم نبوت پر زد پڑتی ہے۔	۲۷
احادیث	۲۱		

مضمون	صفحہ
نزول حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر متعدد حوالے۔	۲۸
امام ابوحیان اندلسیؒ	۲۸
امام جلال الدین سیوطیؒ	۲۸
حافظ ابن کثیرؒ	۲۸
علامہ محمد طاہرؒ	۲۹
علامہ ابن الظاہریؒ	۲۹
نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ	۲۹
نزول کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام چالیس سال رہیں گے	۲۹
اس پر متعدد حوالے	۳۰
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مدعی نبوت اور اس کو نبی ماننے والا واجب القتل ہے۔	۳۰
حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث	۳۰
اس کے مأخذ	۳۱
زندیق کی تعریف	۳۲
علامہ تفتازانیؒ سے	۳۲

مضمون	صفحہ
حضرت ملا علی القاریؒ سے	۳۳
علامہ شامیؒ سے	۳۳
حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ سے	۳۳
نزادہم	۳۴
فاجر آدمی سے بھی دین کی تائید ہو جاتی ہے۔	۳۴
بخاری وغیرہ کے حوالے	۳۵
محض نبوت کے زبانی اقرار سے کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا۔	۳۵
ایمان کا معنی فتح الملہم سے	۳۶
مسیلمہ کذاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی تسلیم کرتا تھا۔	۳۶
سیرت ابن ہشامؒ	۳۶
الصارم المسلول کا حوالہ	۳۷
مرزا صاحب کے دعوائے نبوت کی حقیقت اور ضرورت۔	۳۷
انگریز کی تائید	۳۸
اور جہاد کو حرام قرار دینا	۳۸

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
مرزا صاحب کا اپنا اقرار	۴۰	احادیث	۵۵
صریح دھوکہ	۴۲	حضرت عکرمہؒ کی حدیث	۵۵
مطیع ہونے کا دعویٰ باطل ہے	۴۳	حضرت ابن عباسؓ کی حدیث	۵۵
متعدد حوالے	۴۴	اس حدیث پر اعتراض اور اس کا جواب	۵۶
ضروریات دین میں تاویل بھی کفر ہے	۴۷	حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ کی حدیث	۵۷
علامہ وزیر یمانیؒ	۴۷	حضرت عثمانؓ بن عفان کی حدیث	۵۹
علامہ خیالیؒ	۴۸	حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث	۵۹
حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ	۴۸	حضرت عائشہؓ کی حدیث۔	۶۰
حافظ ابن ہمامؒ	۴۸	حضرت ابو قلابہؓ کی حدیث	۶۰
علامہ ابن عابدینؒ	۴۹	حضرات آئمہ دینؒ	۶۱
حضرت مجددؒ الف ثانیؒ	۴۹	حضرت امام مالکؒ	۶۱
حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ	۴۹	حضرت امام ابو حنیفہؒ	۶۳
نعمت اللہ قادیانی کی افغانستان میں سنگساری۔	۵۰	حضرت امام شافعیؒ	۶۴
		حضرت امام نوویؒ	۶۵
حضرت مولانا عثمانیؒ کا رسالہ الشہاب	۵۱	حضرت امام ماردینیؒ	۶۵
مرتد کی سزا	۵۲	علامہ عزیزیؒ	۶۶
قرآن کریم	۵۳	نیل الاوطار کا حوالہ	۶۷
ایک شبہ اور اس کا ازالہ	۵۳	حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ	۶۷

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
حضرت ابن حزمؒ کا حوالہ	۶۸	تھے۔ اور قضاۃ چار تھے	
دیگر متعدد فقہی حوالے	۶۸	تذکرۃ الحفاظ	۷۰
بدائع الصنائع کا حوالہ	۶۸	پاکستان میں قادیانیوں کی تعداد	۷۱
مغنی ابن قدامہؒ کا حوالہ	۶۹	پاکستان کے سابق وزیر اطلاعات	۷۱
حضرات صحابہ کرامؓ میں علم دین کے چھ بزرگ	۶۹	ونشریات سے	

عرضِ حال

○

مُبَسمِلاً وَّ مُحمِدلاً وَّ مُصَلِّیاً وَّ مُسلِّماً۔ اَمّا بعد عالم اسلام کی دنیا میں سب سے بڑی خالص اسلامی یونیورسٹی اور مرکزِ علوم دینیہ دار العلوم دیوبند (بھارت) کے حضرت مہتمم صاحب دام مجدہم کے یکے بعد دیگرے تین عدد دعوت نامے راقم اثیم کے نام بذریعہ ڈاک آئے۔ کہ دار العلوم دیوبند کے معزز ارکانِ شوریٰ کے فیصلہ کے مطابق ۲۹ر ۳۰ر ۳۱ر اکتوبر ۱۹۸۶ء کو دار العلوم کے زیرِ اہتمام تحفظ ختم نبوت کے موضوع پر ایک عالمی اجلاس طے ہوا ہے۔ جس میں تمہاری شمولیت بھی ضروری ہے اور ذیل کے عنوانات میں سے کسی ایک پر ایک مقالہ تحریر کر کے ۲۰ر اکتوبر تک دار العلوم دیوبند بھیج دیں۔ اور مقالہ فل اسکیپ سائز کے سات صفحات پر مشتمل ہونا چاہیئے۔ یا اگر مقالہ مفصّل ہو تو چار پانچ صفحات میں اس کی تلخیص فرما دی جائے تاکہ اس کو ۱۲ منٹ میں پیش کیا جا سکے۔

چونکہ راقم اثیم ۲ر ستمبر ۱۹۸۶ء سے ۲۵ر ستمبر تک برطانیہ کے دورے پر تھا۔ اور مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں اسباق کے خلافِ معمول کافی ناغے ہو چکے تھے۔ اس لئے خود دار العلوم دیوبند جانے کے سلسلہ میں خاصا متردّد تھا۔ مگر بفضل اللہ تعالیٰ مقالہ ان کے انتخاب کردہ عنوانات کے تحت مثلاً (ختم نبوت کتاب و سنّت کی روشنی میں) پر لکھنا شروع

کر دیا۔ اور معلوم ہوا کہ عزیزم زاہد الراشدی اور عزیزم محمد عبد القدوس خاں قارن سلمہما اللہ تعالےٰ اپنے چند دیگر رفقاء کے ساتھ اس اجتماع پر دار العلوم جانے کا عزم بالجزم کر چکے ہیں۔ اور ویزے حاصل کرنے کے لئے درخواستیں بھی دے چکے ہیں۔ بے حد مصروفیت کی وجہ سے مقالہ ۲۰ راکتوبر تک تیار نہ ہو سکا۔ تاکہ بذریعہ ڈاک دار العلوم دیوبند ارسال کر دیا جاتا۔ دل مطمئن تھا کہ انشاء اللہ العزیز تکمیل کے بعد یہ مقالہ دار العلوم دیوبند بھیج دیا جائے گا۔ جو وہاں اجلاس میں پڑھ کر سنا دیا جائے گا۔ مگر عزیزوں کے طے شدہ پروگرام کے مطابق روانگی سے ایک دن پہلے معلوم ہوا کہ انڈیا نے سرحدوں کی کشیدگی کا بہانہ بنا کر ان کے ویزوں کی درخواستیں مسترد کر دی ہیں اور مرکزی حضرات میں سے جن دو چار خوش نصیبوں کو جانے کی اجازت ملی تو وہ چلے گئے۔ اور ہمیں ان کے جانے کا علم نہ ہو سکا پھر اتنا وقت نہ تھا کہ بذریعہ ڈاک وغیرہ کے یہ مقالہ وہاں اجلاس میں پہنچایا جا سکتا۔ اب مناسب معلوم ہوا کہ طلبۂ علم کے افادہ کے لیے اسے شائع کر دیا جائے۔ سو بحمد اللہ تعالےٰ یہ شائع کیا جا رہا ہے۔ متّعنا اللہ تعالیٰ بہا۔

دار العلوم دیوبند سے آئے ہوئے دعوت ناموں میں سے مفصل دعوت نامہ درج ذیل ہے۔

دار العلوم دیوبند

محترم المقام دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، خدا کرے۔ کہ مزاج سامی بعافیت ہوں۔ فتنۂ قادیانیت آزادی کے بعد ہمارے ملک میں سرد پڑ گیا تھا۔ جس کی وجہ سے علمائے اُمّت و محافظین شریعت اس کی جانب سے بے فکر

ہو گئے تھے۔ اب میدان خالی پاکر اس فتنہ نے سر اُٹھانا شروع کر دیا ہے اس لئے ضروری ہے کہ اس فتنہ کا پھر سے قوت کے ساتھ تعاقب کیا جائے اس غرض سے دار العلوم دیوبند کے معزز ارکانِ شوریٰ نے اپنے گذشتہ اجلاس میں دار العلوم کے زیر اہتمام "تحفّظ ختم نبوت" کے موضوع پر ایک عالمی اجلاس منعقد کرنے کی تجویز فرمائی تھی۔ چنانچہ اسی فیصلہ کے مطابق مورخہ ۲۹، ۳۰، ۳۱، اکتوبر ۱۹۸۶ء کو دار العلوم میں عالمی اجلاس منعقد کیا جارہا ہے۔

جناب والا! کی وقیع علمی خدمات کے پیش نظر عرض ہے کہ اس موقع پر ابطالِ قادیانیت کے عنوان سے ایک مقالہ سپردِ قلم فرماکر مورخہ ۲۰ ر اکتوبر ۱۹۸۶ء تک دار العلوم دیوبند کے پتہ پر ارسال فرمائیں۔ اُمید ہے کہ اس موقعہ کی اہمیت کے پیش نظر اس گزارش پر خاص توجہ فرمائیں گے۔

نمونہ کے لئے چند عنوانات ہمرشتۂ عریضہ ہذا ہیں والسلام

مولانا مرغوب الرحمٰن مہتمم دار العلوم

دیوبند

نوٹ:۔ مقالہ فل اسکیپ سائز کے ۷ رصفحات پر مشتمل ہونا چاہیے۔ یا اگر مقالہ مفصل ہو تو چار پانچ صفحات میں اس کی تلخیص فرمادی جائے۔ تاکہ اس کو بارہ ۱۲ منٹ میں پیش کیا جا سکے۔

عنوانات

(١) قادیانیت اور اسلام (ایک تقابلی مطالعہ)
(٢) عقیدہ ختم نبوت اور مرزا غلام احمد قادیانی
(٣) مرزا صاحب اور دعویٰ مسیحیت (ایک تحقیقی جائزہ)
(٤) غلام احمد قادیانی کی جھوٹی نبوت
(٥) غلام احمد قادیانی علماء اسلام کی نظر
(٦) حیات مسیح اور قادیانیت
(٧) انبیاء علیہم السلام کی سیرت اور مرزا قادیانی کا کردار
(٨) مرزا غلام احمد قادیانی کی تضاد بیانی۔
(٩) قادیانیت دین محمدی کے خلاف کھلی بغاوت۔
(١٠) ختم نبوت کتاب وسنت کی روشنی میں۔
(١١) حضرت مسیحؑ مرزا قادیانی کی نظر میں۔
(١٢) مسئلہ ختم نبوت علم وعقل کی روشنی میں۔
(١٣) تاریخ اسلام میں جھوٹے مدعیان نبوت کا عبرت ناک انجام
(١٤) قادیانی اپنی تحریر کے آئینہ میں۔
(١٥) قادیانی کی پیش گوئیاں واقعات کے آئینہ میں۔
(١٦) ردِ قادیانیت کے سلسلہ میں دارالعلوم کی مساعی
(١٧) ردِ قادیانیت پر فضلاء دارالعلوم کی تصنیفی خدمات۔

(۱۸) ردِ قادیانیت پر حضرت العلامہ انور شاہ کشمیری کی جلیل القدر خدمات
(۱۹) مرزا غلام احمد قادیانی اور قرآن کریم کی تحریفات
(۲۰) مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے کفریہ عقائد۔

مولانا مرغوب الرحمٰن مہتمم دار العلوم، مولانا معراج الحق صدر المدرسین دار العلوم و جملہ اراکین شوریٰ دار العلوم دیوبند۔

ان اکابر علماء کرام کثر اللہ تعالیٰ امثالہم کی دعوت اور حکم کی تعمیل میں یہ مقالہ بڑی عجلت سے تحریر کیا گیا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ جو کام جلدی میں کیا جائے اس میں غلطی کا امکان زیادہ ہے۔ اس لئے اہل علم سے گذارش ہے کہ بجائے شور و غوغا برپا کرنے اور طعن و تشنیع کرنے کے اگر اس میں غلطیاں ہوں تو معقول طریقہ سے اغلاط کی نشاندہی کرنے والے حضرات کا شکریہ ادا کیا جائے گا۔ اور اصلاح کی جائے گی۔

انشاء اللہ العزیز

وصلی اللہ تعالیٰ وسلم علیٰ رسولہ خاتم الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وازواجہٖ وذریاتہٖ وجمیع اتباعہٖ الی یوم الدین۔ آمین یا رب العلمین۔ ۲۲ صفر ۱۴۰۷ھ، ۲۷ اکتوبر ۱۹۸۶ء

ابو الزاہد محمد سرفراز خطیب جامع مسجد گکھڑ
وصدر مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

ختم نبوّت کتاب و سنّت کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ الحمد للّٰہ وکفٰی والصلوٰۃ والسلام علٰی من لا نبی بعدہٗ امّا بعد

جس طرح برحق اور آخری مذہب اسلام میں توحید و رسالت اور قیامت وغیرہا کے اصولی، بنیادی اور قطعی عقائد پر ایمان لانا ضروری ہے۔ اسی طرح اس امر پر بھی ایمان لانا ضروری ہے۔ کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے آخری پیغمبر اور خاتم الانبیاء والمرسلین ہیں اور آپؐ کی بعثت کے بعد تا صُور اسرافیل علیہ السلام کوئی نبی پیدا نہیں ہو سکتا۔ اور نہ کسی کو آپؐ کے بعد نبوّت مل سکتی ہے۔ جو شخص ختم نبوت کا انکار یا تاویل کرے۔ تو وہ یقیناً کافر اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔ کیوں کہ جس طرح ضروریات دین میں سے کسی امر کا انکار کفر ہے۔ اسی طرح اس کی تاویل بھی کفر ہے۔ اور خوبصورت سے خوبصورت تاویل بھی کفر سے نہیں بچا سکتی۔ جیسا کہ عنقریب اس کے حوالے آ رہے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز۔

ختم نبوت کا عقیدہ قرآن کریم، احادیث صحیحہ، متواترہ اور اجماع امت سے ثابت ہے۔

قرآنِ کریم | قرآن کریم کی متعدد آیات کریمات سے مسئلہ ختم نبوت ثابت ہے مگر ہم اختصار کے پیشِ نظر صرف ایک ہی آیت کریمہ عرض کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ (پ ۲۲۔ الاحزاب ۵)

محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) باپ نہیں کسی کا تمہارے مردوں میں سے لیکن رسول ہے اللہ (تعالیٰ) کا اور مہر سب نبیوں پر ہے اور ہے اللہ (تعالیٰ) سب چیزوں کا جاننے والا۔

اس آیت کریمہ کے شان نزول میں متعدد اور معتبر تفاسیر میں جو کچھ بیان ہوا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محبت وشفقت اور پیار کی وجہ سے حضرت زید بن حارثہؓ (المتوفی ۸ھ) کو اپنا متبنّٰی، لے پالک اور منہ بولا بیٹا بنا لیا تھا اور ان کا نکاح اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینبؓ بنت جحش (المتوفاۃ سنہ ۲۰ھ) سے کر دیا تھا۔ مگر اختلافِ طبائع کی وجہ سے نباہ نہ ہو سکا۔ اور حضرت زیدؓ نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی۔ عدت گذر چکنے کے بعد آپ نے اُن سے نکاح کرنے کا ارادہ فرمایا۔ تاکہ حضرت زینبؓ کی بھی دلجوئی ہو جائے مگر دورِ جاہلیت کے نظریات کے تحت (کہ وہ لوگ متبنّٰی کی بیوی سے وفات یا طلاق کے بعد عدت گزر چکنے کے بعد بھی نکاح حرام سمجھتے تھے۔ جیسا کہ اسلام میں صلبی اور رضاعی بیٹے کی بیوی سے نکاح حرام ہے) لوگوں کے اس اعتراض اور پروپیگنڈے کا خدشہ پیش نظر تھا۔ اس لئے آپ اس نکاح سے گھبراتے تھے اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے (جسمانی) باپ نہیں۔ نہ حضرت زیدؓ کے اور نہ کسی اور کے ہاں روحانی

ابوت وَاَزْوَاجُہٗ اُمَّھَاتُھُمْ کی نص سے۔ کیونکہ جب حضرات ازواج مطہرات رض مومنوں کی روحانی مائیں ہیں۔ تو لازماً آپؐ اُن کے باپ ہیں۔ اور حدیث انما انا لکم مثل الوالد الحدیث نسائی ج۱ ص ۶ سے ثابت ہے۔ تو جب آپؐ حضرت زیدؓ وغیرہ مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں۔ تو بعد از عدت ان کی بیوی سے نکاح کیوں ناجائز ٹھہرا؟ یہ یاد رہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں چار تھیں۔ جن کا وجود صحیح احادیث اور کتب تاریخ سے ثابت ہے۔ تاریخی طور پر اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ جن کے نام حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت اُم کلثومؓ اور حضرت فاطمہؓ تھے اور دو فرزند بھی قطعاً اور یقیناً تھے۔ حضرت قاسمؓ اور حضرت ابراہیمؓ۔ کتب احادیث اور تاریخ سے اس کا واضح ثبوت ہے۔ مگر یہ دونوں بچپن ہی میں وفات پا گئے تھے۔ ان میں سے کوئی بھی رجل اور مرد نہیں ہوا۔ ان کے علاوہ آپ کے ایک فرزند اور بھی تھے جن کا نام عبداللہ تھا۔ ان کو طیّب اور طاہر بھی کہا جاتا تھا۔ (مجمع الزوائد ج۹ ص ۲۱۷ وقال رواہ الطبرانی ورواتہ ثقات) مگر وہ بھی بچپن ہی میں وفات پا گئے تھے۔ لہٰذا آپ کی نرینہ بالغ اولاد کوئی نہ تھی۔ صاحبزادیاں ہی تھیں۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ واضح کر دیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی مرد کے جسمانی باپ نہیں۔ تو پھر حضرت زیدؓ کی مطلقہ بی بی بہو ہونے کے لحاظ سے آپ پر کیسے اور کیونکر حرام ہو گی۔ باقی رہے دورِ جاہلیت کے غلط نظریات تو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو ان کے مٹانے اور بیخ دین سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے ہی مبعوث کیا ہے۔ جن کا مٹانا آپؐ کے فرضِ منصبی میں شامل ہے۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ بھی آشکارا کر دیا ہے کہ آپؐ اللہ تعالیٰ

کے رسول یعنی اُمت کے روحانی باپ ہیں۔ اور خاتم النبیّین ہیں۔ کہ آپؐ کی آمد پر انبیاء کرام علیہم السلام کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ اکثر علماء عربیّت کی اصطلاح کے مطابق لفظ رسول اور نبی کا مصداق اور مآل ایک ہی ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے احکام مخلوقِ خدا کو پہنچانے والا اور ان کو خدائی خبریں سُنانے والا رسول کا مادہ رسالت ہے۔ یعنی پیغام رسانی اور نبی کا مجرد مادہ نَبَاءٌ ہے۔ جس کے معنی خبر دینا اور ظہور کے ہیں۔ کیونکہ نبی اللہ تعالیٰ سے حکم پا کر مخلوق کو خبر بھی دیتا ہے۔ اور دلائل و معجزات کے اعتبار سے ان کی نبوت ظاہر بھی ہوتی ہے۔ اور اس کا مجرد مادہ نَبْأَةٌ بھی بیان کیا گیا ہے۔ جس کے معنی الصوت الخفی کے ہیں۔ چونکہ وحی لانے والا فرشتہ اُن سے آہستہ گفتگو کرتا ہے۔ الہام وغیرہ بھی اس سے مخفی طریقہ پر جو گفتگو ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کو نبی کہا جاتا ہے اور نبی کے معنی راستہ کے بھی ہیں۔ نبی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ تک رسائی ہوتی ہے۔ اس لئے وہ وصول الی اللہ تعالیٰ کا راستہ بھی ہوئے (ملاحظہ ہو نبراس ص۱۵)

اور بعض علماء عربیّت کی اصطلاح میں رسول اس کو کہتے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مستقل کتاب و شریعت عطا ہوئی ہو۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کہ صاحبِ تورات اور صاحبِ شریعت تھے۔ اور نبی وہ ہوتا ہے۔ جس کو نبوت تو ملی ہو مگر وہ صاحب کتاب و صاحبِ شریعت نہ ہو۔ بلکہ وہ صاحبِ کتاب و صاحب شریعت رسول کا معاون و وزیر ہو جیسا کہ حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا منصب بیان فرمایا۔ تو لفظ رسول سے وَلٰكِن رَّسُولَ اللهِ یعنی اس دوسری اصطلاح کے مطابق آپؐ صاحب کتاب و صاحب شریعت ہیں۔ اور جب لفظ خاتم کا مضاف

البتہ بیان کیا تو لفظ النبیّن ذکر فرمایا۔ یعنی اس دوسری اصطلاح کے مطابق آپ غیر تشریعی نبوت کے بھی خاتم ہیں۔ اگر اس مقام پر خاتم الرسل کا جملہ ہوتا تو اس اصطلاح کے موافق شبہ کرنے والے یہ کہہ سکتے تھے۔ کہ آپ تو رسل کے خاتم ہیں۔ اور رسول وہ ہوتا ہے جو صاحب کتاب و صاحب شریعت ہو تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے بعد غیر تشریعی نبی آسکتا ہے اور آپ غیر تشریعی نبوت کے خاتم نہیں ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی محکم اور معجز کتاب میں اس باطل شبہ کی بھی گنجائش ختم کردی۔ اور واضح کردیا۔ کہ آپ تشریعی نبوت تو کیا۔ غیر تشریعی نبوت کے بھی خاتم ہیں وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ آپ کے آنے سے وہ وعدہ پورا ہوگیا۔ جس کی انتظار تھی ؎

نوائے عندلیب آئی ہوائے مشکبار آئی   سنبھل اے دل ذرا تو بھی سنبھل کامل بہار آئی

خاتم کا معنی

لفظ خاتم اسم آلہ کا صیغہ ہے۔ جس کے معنی مہر کے ہیں۔ جس طرح لفافہ اور بنڈل وغیرہ میں کوئی چیز رکھ کر اُسے بند کر کے اس پر مُہر لگا دی جاتی ہے تو کوئی چیز مہر توڑے بغیر نہ تو اس میں رکھی جاسکتی ہے اور نہ نکالی جاسکتی ہے۔ بعینہٖ اسی طرح آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ کی آمد سے قصر نبوت مکمل ہوگیا۔ اور نبوت کا دروازہ بند اور سبیل ہوگیا۔ اور اس پر مہر لگ گئی۔ اب بغیر مہر توڑے نہ اُسے کوئی کھول سکتا ہے۔ اور نہ اندر داخل ہو سکتا ہے یہی ختم کا معنی ہے اور یہی اہلِ اسلام کا عقیدہ ہے۔ اور اسی پر اللہ تعالیٰ ہمیں قائم رکھے ؎

زمانہ ساز، نظر باز، مدعی سے کہو   جہانِ عشق میں سکّے وفا کے چلے

لفظ خاتم اور قادیانی

قادیانی بھی یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیّن تسلیم کرتے ہیں۔ اور وہ خاتم کا معنی

مہر کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ اس پر ہمارا پورا یقین ہے۔ مگر بقول شاعر ؎

درِ امید بھی وا ہے یقین بھی ہے چٹانوں سا مگر جو دل میں ہے وہ وسوسہ کچھ اور کہتا ہے

قادیانیوں کا کہنا ہے۔ کہ خاتم النبیین کا یہ مطلب ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر سے ہی آگے نبوت چلتی رہے گی۔ وہ یوں کہ آپؐ کا کلمہ پڑھ کر اور آپؐ کی پیروی اور اتباع کر کے ہی کسی کو نبوت ملتی اور مل سکتی ہے۔ دلیسے نہیں مگر قادیانیوں کی یہ تاویل بلکہ تحریف قطعاً باطل ہے اولاً اس لئے کہ یہ معنی قرآن کریم، احادیث صحیحہ متواترہ اور اجماع اُمت کے خلاف ہے لہٰذا مردود ہے۔ وثانیاً آپؐ کی پیروی اور اتباع کا جذبہ جس طرح خیر القرون اور اُن کے قریب کے زمانوں میں تھا۔ وہ بعد کو نہیں ہوا۔ اور نہ ہو سکتا ہے۔ پھر کیا وجہ ہے۔ کہ اُن مبارک زمانوں میں کسی کو نبوت نہ مل سکی اور اب اس کا دروازہ وا ہو گیا۔ جھوٹے نبیوں کی بات نہیں ہو رہی۔ ان کا حشر تاریخی طور پر سب کو معلوم ہے۔ تفصیلی طور پر کتابیں دیکھنے کی فرصت نہ ہو۔ تو کتاب آئمہ تلبیس مؤلفہ حضرت مولانا ابوالقاسم محمد رفیق دلاوریؒ فاضل دیوبند ہی کافی ہو گی۔ وثالثاً خاتم کا معنی خود مرزا غلام احمد قادیانی کے مسلمات کے خلاف ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

اسی طرح پر میری پیدائش ہوئی۔ یعنی جیسا کہ میں ابھی لکھ چکا ہوں۔ میرے ساتھ ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام جنت تھا۔ اور پہلے وہ لڑکی پیٹ میں سے نکلی تھی اور بعد اس کے میں نکلا تھا۔ اور میرے بعد میرے والدین کے گھر میں اور کوئی لڑکا یا لڑکی نہیں ہوا۔ اور میں ان کے لیے خاتم الاولاد تھا۔ (تریاق القلوب ص ۳۷۹)

اس حوالہ کے پیشِ نظر اگر مرزا صاحب خود اور ان کی رُوحانی ذریت خاتم النبیین

کا یہ معنی کرتے ہیں۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر سے آگے نبوت چلتی اور جاری و ساری ہے تو خاتم الاولاد کا بھی یہ معنی کریں۔ کہ مرزا صاحب کی والدہ ماجدہ کے ہاں مرزا صاحب کی مہر لگنے سے تاقیامت ان کے پیٹ سے اولاد نکلتی رہے گی۔ اور یہ مہر خاصی مفید و کارآمد رہے گی۔ یا کم از کم ان کی والدہ ماجدہ کی زندگی میں ہی ایسا ہوتا رہا۔ کہ مرزا صاحب کی مہر لگتی رہی اور اولاد نکلتی رہی۔ تو پھر وہ خاتم النبیین کا معنی بھی بزعم خویش یہ کر سکتے ہیں۔ گو دوسروں پر وہ حجت نہیں۔ اور اگر وہ خاتم الاولاد کا یہ معنی کرتے ہیں۔ کہ مرزا صاحب کے بعد ان کی والدہ کے ہاں کوئی اور لڑکا یا لڑکی پیدا نہیں ہوئی۔ تو اسی طرح یہاں بھی خاتم النبیین کا یہی معنی متعین ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ اور آپ کے بعد تا قیامت کوئی تشریعی یا غیر تشریعی نبی پیدا نہیں ہو سکتا۔

محمد علی لاہوری کا بیان

مرزائیوں کی لاہوری پارٹی کا سربراہ محمد علی لاہوری جو گو مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی تو نہیں مانتا۔ مگر مجدد مسیح اور مصلح کا نام تجویز کرتا ہے۔ اور یہ بھی نرا زندقہ اور الحاد ہے۔ اور وفات عیسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قائل ہونے کی وجہ سے وہ قطعاً کافر ہے۔ اور خاتم النبیین کے معنی ہیں وہ لکھتا ہے کہ

ختم اور طبع کے لغت میں ایک ہی معنی ہیں۔ یعنی ایک چیز کو ڈھانک دینا اور ایسا مضبوط باندھ دینا کہ دوسری چیز اس میں داخل نہ ہو سکے۔ (تفسیر بیان القرآن ص ۲۳ ج ۱۷)

الحاصل خاتم کے معنی مہر کے لے کر بھی ختم نبوت کا مفہوم واضح ہے اور قادیانی و لاہوری دونوں کے مسلمات اس پر شاہد ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ ہٹ دھرمی

کا ثبوت دیں سہ

حذر حذر کہ زمانہ بڑا ہی نازک ہے   خدا نہ واسطہ ڈالے کسی کمینے سے

خاتم ماضی کا صیغہ بھی ہو سکتا ہے

پہلے یہ عرض کیا گیا ہے۔ کہ لفظ خاتم اسم آلہ کا صیغہ کا ہے۔ جو مہر کے معنی میں ہے۔ اور خود فریق مخالف کے قائم کردہ اصول کے مطابق یہ لفظ ختم نبوّت پر دال ہے نہ کہ اجرائے نبوّت پر اب یہ گذارش ہے کہ لفظ خَاتَمَ باب مفاعلہ کی ماضی بھی ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ علّامہ سید محمود آلوسیؒ (المتوفی ۱۲۷۰ھ) نے صرف ونحو اور لغت کے مشہور امام ابو العباس محمدؒ بن یزیدؒ بن عبدالاکبر المعروف بالمبردؒ (المتوفی ۲۸۵ھ) کے حوالہ سے نقل کیا ہے (تفسیر روح المعانی ج۲۲ ص۳۲) اس لحاظ سے معنی یہ ہوگا۔ کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور انہوں نے نبیوں کو ختم کر دیا۔ یعنی ان کی آمد سے نبیوں کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ اور آپ کے بعد کوئی نبی دنیا میں پیدا نہیں ہو سکتا۔ اور نہ آپ کے بعد کسی کو نبوت مل سکتی ہے۔ غرضیکہ قرآن کریم کی یہ نص قطعی ختم نبوّت کی واضح اور روشن دلیل ہے۔ جس کا انکار بغیر کسی مسلوب الایمان والعقل کے اور کوئی نہیں کر سکتا۔ قادیانیوں کی بالکل بے جا تاویل اور تحریف سے نہ تو نص پر کوئی زد پڑتی اور پڑ سکتی ہے۔ اور نہ قادیانیوں کی ایسی تاویلوں سے ان کا ایمان ثابت ہو سکتا ہے۔

قادیانیت بھی خالص کفر کا ایک شعبہ ہے۔ جس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

بقول حضرت مولانا ظفر علی خاں صاحبؒ (المتوفی ۱۹۵۶ء) سہ

قادیانیت سے پوچھا کفر نے تو کون ہے   ہنس کے بولی آپ ہی کی دلربا سالی ہوں میں

اقوالِ مرزا صاحب

کسی لفظ کے معنٰی کی تعیین کے لئے اصولِ مسلّمہ کے علاوہ فریقِ مخالف کے اپنے قول اور اقرار سے بہتر ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے خود مرزا غلام احمد قادیانی کو بھی اس کا اقرار ہے کہ خاتم بمعنی ختم۔ قطع اور خاتمہ کے ہے ملاحظہ ہو۔

(۱) قَدِ انْقَطَعَ الْوَحْیُ بَعْدَ وَفَاتِهٖ وَخَتَمَ اللّٰهُ بِهِ النَّبِيِّيْنَ (حمامۃ البشریٰ ص۲۴)

بے شک آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد وحی منقطع ہو گئی ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ پر نبیوں کا خاتمہ کر دیا ہے۔

نیز لکھا ہے۔

(۲) وَاِنَّ رَسُوْلَنَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ وَعَلَيْهِ انْقَطَعَتْ سِلْسِلَةُ الْمُرْسَلِيْنَ (حقیقۃ الوحی ضمیمہ عربی ص۶۴)

تحقیق ہے ہمارے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) خاتم النبیین ہیں۔ اور ان پر رسولوں کا سلسلہ قطع ہو گیا ہے۔

مزید لکھتا ہے۔

(۳) ابھی ثابت ہو چکا ہے کہ اب وحی و رسالت تا بقیامت منقطع ہے۔

(ازالہ اوہام طبع قدیم، لاہور ص۱۵۲)

ان واضح اور روشن حوالوں سے بھی ثابت ہو گیا ہے کہ خود مرزا صاحب بھی ختم کے معنی خاتمہ، بند اور انقطاع کے کرتے ہیں۔ اور صاف لفظوں میں لکھتے اور اقرار کرتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نبوت اور رسالت ختم کر دی ہے۔ اور اب وحی و رسالت قیامت تک بند ختم اور منقطع ہے اور آپ کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی ہے

اب تو اس راہ سے وہ شخص گزرتا بھی نہیں اب کس امید پہ دروازے سے جھانکے کوئی

احادیث

ختم نبوّت کا مسئلہ جس طرح قرآن کریم کی نصوص قطعیہ سے ثابت ہے جن میں سے ایک آیت کریمہ اور اس کی مختصر ضروری تفسیر و تشریح پہلے عرض کر دی گئی ہے۔ اسی طرح یہ مسئلہ احادیث صحیحہ صریحہ اور متواترہ سے بھی ثابت ہے۔ بطور اختصار کے چند احادیث درج ذیل ہیں۔ جن سے بڑی صراحت و وضاحت سے اس مسئلہ پر روشنی پڑتی ہے۔

(۱) حضرت ابوہریرہؓ (جن کا مشہور قول کے مطابق نام عبدالرحمٰن بن صخر تھا۔ المتوفی ۵۷ھ) فرماتے ہیں۔ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ میری اور دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی مثال ایک محل کی سی ہے۔ جو بہت ہی عمدہ طریقہ سے بنایا گیا ہو۔ لیکن اس میں ایک اینٹ کی جگہ خالی ہو۔ گھومنے والے اس کے اردگرد گھومتے ہیں۔ اور اس کی بہترین بناوٹ پر تعجب اور حیرت کرتے ہیں۔ مگر اس میں ایک اینٹ کی جگہ خالی دیکھ کر حیران ہوتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ؛

فانا اللبنة وَ اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖن (بخاری ج۱ ص۵۰۱، مسلم ج۲ ص۲۴۸ و مشکوٰۃ ج۲ ص۵۱۱)	میں وہ (آخری) اینٹ ہوں اور میں نبیوں کو ختم کرنے والا ہوں۔

اور حضرت جابرؓ (المتوفی ۷۸ھ) کی ایک حدیث میں یوں آیا ہے۔ کہ

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ	آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا
فانا موضع اللبنة جئت فختمت	کہ (قصر نبوت کی) وہ آخری اینٹ میں ہوں۔ اور
الانبیاء (مسلم ج۲ ص۲۴۸)	میں نے (یعنی میری آمد نے) نبیوں کا خاتمہ کر دیا ہے۔

اوران کی ایک روایت میں اس طرح آیا ہے کہ!

فانا موضع اللبنۃ ختم بی الانبیاء — اس اینٹ کی جگہ میں فٹ ہو گیا ہوں۔ اور
(ابوداؤد الطیالسی ص۲۴۷) — انبیاء کی آمد مجھ پر ختم اور منقطع ہو گئی ہے۔

ان صحیح اور صریح احادیث سے صراحۃً معلوم ہوا۔ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد سے قصرِ نبوت مکمل ہو گیا ہے۔ خالی اینٹ کی جگہ پُر ہو گئی ہے۔ اور سلسلہ نبوت و رسالت ہر طرح سے بالکل بند، منقطع اور ختم ہو چکا ہے۔ خود مرزا صاحب کو جب مسلمان تھے۔ اقرار تھا۔ ؎

ہست او خیر الرسل خیر الانام — ہر نبوت را بروشد اختتام (سراج منیر ص۲)

(۲) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ مجھے تمام حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر چھ چیزوں کی وجہ سے فضیلت دی گئی ہے۔

مجھے ^(۱) جوامع الکلم عطا کئے گئے ہیں۔ اور رعب ^(۲) کے ذریعہ میری مدد کی گئی ہے۔ اور میرے ^(۳) لئے غنیمتوں کا مال حلال کیا گیا ہے۔ اور میرے ^(۴) لئے زمین کو مسجد اور طہارت کا ذریعہ بنایا گیا ہے (کہ اس پر بجز مستثنیٰ مواضع کے نماز پڑھوں اور تیمم کروں) اور مجھے ^(۵) تمام (مکلّف) مخلوق کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا ہے۔

وختم ^(۶) بی النبیون (مسلم ص۱۹۹ ج۱ و مسند ابو عوانہ ص۳۹۵ ج۱ و مشکوٰۃ ص۵۱۲ ج۱) اور مجھ پر نبیوں کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اور ان کی ایک اور روایت میں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ بنی اسرائیل کی سیاست حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کیا کرتے تھے۔ جب ایک نبی دنیا سے رخصت ہو جاتا تو اس کے بعد اور آجاتا۔

وانه لا نبی بعدی وستکون خلفاء فتکثر الحدیث (مسلم ص۱۲۶ ج۲)

اور میرے بعد نبی نہیں اور خلفاء بکثرت ہوں گے۔

اس صحیح اور صریح حدیث سے بھی بالکل عیاں ہو گیا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی آمد سے نبوّت ورسالت کا خاتمہ ہو گیا۔

(۳) حضرت ثوبانؓ (المتوفی ۵۴ھ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں۔کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے فرمایا۔

وانه سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلهم یزعم انه نبی الله وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی (ابوداؤد ص۲۲۸ ج۲ وترمذی ص۴۵ ج۲ ومشکوٰة ص۴۶۵ ج۲)

اور بے شک میری امت میں تیس (کے قریب) بڑے بڑے جھوٹے ہوں گے ان میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا۔کہ میں نبی ہوں حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں اور میرے بعد اور کوئی نبی نہیں

اور حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

لا تقوم الساعة حتی یخرج ثلاثون دجالاً کلهم یزعم انه رسول الله (مسلم ج۲ ص۲۹۷ وابوداؤد ج۲ ص۲۴۰)

اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی۔جب تک کہ تیس دجال خارج نہ ہوں۔جو سب کے سب یہ دعویٰ کریں گے۔کہ وہ اللہ تعالے کے رسول ہیں۔

(۴) حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ!

انا قائد المرسلین ولا فخر وانا خاتم النبیین ولا فخر وانا اول شافع و

میں رسولوں کا قائد ہوں اور اس پر کوئی فخر نہیں اور میں خاتم النبیین ہوں اور اس پر کوئی فخر نہیں اور

مشفع ولا فخر (مسند دارمی ج ۱ ص ۳۱ طبع المدینۃ المنورہ ومشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۱۴)

میں پہلا وہ شخص ہوں جو شفاعت کرے گا اور اس کی شفاعت قبول ہو گی اور اس پر فخر نہیں

یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے اب اور قیامت کو یہ اعزازات و انعامات مرحمت فرمائے اور وعدہ فرمایا۔ مگر مجھے ان میں سے کسی پر کوئی تکبر اور فخر نہیں ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے خالص عطیات ہیں۔

(۵) حضرت عرباض رضؓ بن ساریہ (المتوفی ۷۵ھ) فرماتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ!

وانی عند اللہ مکتوب خاتم النبیین وان آدم لمنجدل فی طینتہ (مسند احمد ج ۴ ص ۱۲۷ ومشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۱۳ ومجمع الزوائد ج ۸ ص ۲۲۳)

بلاشبہ میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک (تقدیر میں) خاتم النبیین لکھا گیا۔ جب کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام گوندھی ہوئی مٹی کی صورت میں تھے

اور یہ حدیث مستدرک میں بھی دو جگہ مذکور ہے۔ ایک جگہ الفاظ یہ ہیں۔

یقول انی عند اللہ فی اول الکتاب الخاتم النبیین وان آدم لمنجدل فی طینتہ الحدیث (مستدرک ج ۲ ص ۶۰۰ قال الحاکم والذہبیؒ صحیح)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں پہلی نوشت (یعنی تقدیر) میں اللہ تعالیٰ کے ہاں خاتم النبیین ہوں اور بے شک حضرت آدمؑ اپنے گوندھے ہوئے گارے میں تھے۔

اور دوسرے مقام پر الفاظ یہ ہیں آپؐ نے فرمایا کہ!

انی عبد اللہ وخاتم النبیین وابی منجدل فی طینتہ (الحدیث، مستدرک ج ۲ ص ۴۱۸ قال الحاکمؒ والذہبیؒ صحیح)

بیشک میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور خاتم النبیین ہوں (اسی وقت سے) جب کہ میرے باپ حضرت آدم علیہ السلام اپنے گوندھے ہوئے گارے میں تھے۔

ان صحیح احادیث میں بھی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا صراحۃً مذکور ہے

(۶) حضرت انسؓ (المتوفی ۹۳ھ) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی۔ (ترمذی ج۲ ص۵۱ وقال حدیث صحیح غریب ومستدرک ج۴ ص۳۹۱ قال الحاکمؒ والذہبیؒ علی شرط مسلم والجامع الصغیر ج۱ ص۸۰ وقال صحیح والسراج المنیر ج۱ ص۳۲۲ وقال صحیح

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک رسالت اور نبوت ختم اور منقطع ہو چکی سو میرے بعد نہ تو کوئی رسول ہوگا۔ اور نہ کوئی نبی (کہ ان کو میرے بعد رسالت و نبوت ملے)

یہ صحیح حدیث بھی تشریعی اور غیر تشریعی ہر قسم کی نبوت کے ختم ہونے کی کھلی دلیل ہے۔

(۷) آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رجب ۹ھ میں تقریباً تیس یا چالیس یا ستر ہزار مجاہدین اسلام کو (جن کے پاس دس یا بارہ ہزار گھوڑے تھے۔ اونٹ وغیرہ اس کے علاوہ تھے) لے کر غزوۂ تبوک کے سفر پر روانہ ہونے لگے تو حضرت علیؓ کو اہل خانہ کی حفاظت و نگرانی کے لئے (مدینہ منورہ میں آپؐ نے اپنا نائب اس موقع پر حضرت محمد بن مسلمہ انصاریؓ المتوفی ۴۳ھ کو مقرر کیا تھا) خلیفہ بنایا جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے طور پر جاتے ہوئے اپنی اس مختصر سی غیر حاضری میں حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنا نائب بنایا تھا۔ حضرت علیؓ رومیوں کے خلاف لڑنے کے بڑے مشتاق تھے۔ دل میں کچھ غمگین ہوئے اور فرمایا کہ آپؐ مجھے بچوں اور عورتوں میں چھوڑتے ہیں؟ اس موقع پر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جیسا کہ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص المتوفیٰ

۵۵ھ) فاتح ایران کی روایت میں ہے۔

قال الا ترضی ان تکون مِنّی	کیا تو اس پر راضی نہیں کہ (اس نیابت میں)
بمنزلة هارون من موسیٰ اِلّا	تیری اور میری وہ نسبت ہو جو حضرت موسیٰ
انه لیس بعدی نبی (وفی روایة لانبی	اور حضرت ہارون علیہما الصلوٰة والسلام کی تھی
بعدی) بخاری ج۲ ص۶۳۳ ومسلم ج۲ ص۲۷۸	مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

اس روایت میں بھی اس کی تصریح ہے کہ آنحضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے بعد کسی کو نبوّت نہیں مل سکتی اور نہ کوئی نبی آ سکتا ہے۔

(۸) حضرت ابوامامہ الباہلیؓ (صدی بن عجلان) (المتوفیٰ ۸۶ھ) فرماتے ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع کے خطبہ میں آنحضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا آپؐ نے فرمایا۔

یا ایها الناس انه لا نبی بعدی ولا	اے لوگو! میرے بعد کوئی نبی نہیں اور تمہارے
امة بعدکم فذکرا لحدیث (رواه الطبرانی	بعد کوئی امت نہیں ہے۔

ورجال احد الطریقین ثقات وفی بعضهم ضعف (مجمع الزوائد ج۸ ص۲۶۳)

ان تمام صحیح وصریح احادیث سے ختم نبوّت کا مسئلہ واضح سے واضح تر ہو گیا ہے۔ جس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی قطعاً کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ البتہ "میں نہ مانوں" کا دنیا میں کوئی علاج نہیں ہے۔ منکر تو یہی کہے گا ؎

آئے دوا سے جس کے لئے چاک کیا ہے ناصح سے گریباں کو سلانے کے نہیں ہم

اجماعِ اُمّت جس طرح ختمِ نبوّت کا قطعی عقیدہ قرآنِ کریم، احادیث صحیحہ متواترہ سے ثابت ہے۔ اس سلسلہ میں کافی حوالے پیش کئے جا سکتے ہیں۔

مگر مقالہ کے اختصار کے پیش نظر ہم صرف ایک ہی حوالہ عرض کرتے ہیں۔ حضرت ملّا علیؒ القاری (المتوفی ۱۰۱۴ھ جو گیارہویں صدی کے مجدد بھی بیان کئے جاتے ہیں) فرماتے ہیں کہ

ودعوی النبوۃ بعد نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کفر بالاجماع	ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنا بالاجماع کفر ہے۔

(شرح فقہ اکبر ص۲۰۲ طبع کانپور)

الحاصل مسئلہ ختم نبوت قرآن وسنت کے قطعی اور واضح دلائل وبراہین سے ثابت ہے اور اجماع اُمّت اس پر مستزاد ہے۔ تو اس کے حق وصحیح ہونے میں کیا شک ہوسکتا ہے؟ بہت ممکن بلکہ اغلب ہے کہ مرزائی یہ کہہ دیں گے ؎

ہم پیروئ احمد مُرسل نہیں کرتے ہے نام مسلماں کا مسلمان کہاں ہیں

فائدہ جن صحیح اور صریح احادیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ تو ان کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ کے بعد کسی کو رسالت ونبوّت نہیں مل سکتی۔ کیونکہ نصوص قطعیہ اور احادیث متواترہ صحیحہ اور اجماعِ امّت سے ثابت ہے کہ آپؐ خاتم النّبیّین اور آخری نبی ہیں۔ اگر بالفرض کسی اور کو رسالت ونبوّت مل جائے تو اس سے ختمِ نبوت پر زد پڑتی ہے۔ کیونکہ اس سے پیغمبروں کی تعداد اور گنتی میں اضافہ ہو جائے گا اور نمبر شماری بڑھ جائے گی۔ اس کے برعکس حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آمد سے بلکہ تمام حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تشریف آوری سے بھی گنتی اور عدد جوں کا توں رہتا ہے۔ اور اس سے ختمِ نبوّت پر قطعاً کوئی زد نہیں پڑتی۔ کیونکہ عدد اور گنتی کے لحاظ سے آنحضرت

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی قصرِ نبوت کی آخری اینٹ آخری نبی اور خاتم النبیین ہیں اور اس صفت میں کوئی بھی آپ کا مثیل، نظیر اور ثانی نہیں ہے ؎

ادھر آؤ آئینہ دیکھو یہ کیا ہے مگر آپ کا کوئی ثانی نہیں ہے

نزولِ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات آسمان دوم پر ان کا وجود اور قیامت سے قبل اُن کا نزول اور چالیس سال تک حکمرانی کرنا طے شدہ بات ہے۔ امام ابو حیان الاندلسیؒ (المتوفی ۷۴۵ھ) حضرت امام ابن عطیہؒ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ

"اُمتِ مسلمہ کا اس امر پر اجماع ہے جس کی بنیاد متواتر احادیث پر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام زندہ ہیں اور آخر میں نازل ہوں گے"

(تفسیر البحر المحیط ج۲ ص۴۷۳)

امام جلال الدین سیوطیؒ (المتوفی ۹۱۱ھ) فرماتے ہیں کہ

"حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نزول اور ان کی نبوت کی نفی کفر ہے"

(الحاوی للفتاوی ص۱۶۶ ج۲)

حافظ عماد الدین ابو الفداء اسماعیلؒ بن کثیرؒ (المتوفی ۷۷۴ھ) فرماتے ہیں کہ

"آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی متواتر احادیث سے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نزول ثابت ہے اور یہ بھی ثابت ہے کہ وہ ملک شام کے شہر دمشق میں (جامع اموی) کے سفید مشرقی مینار پر (جس کو دمشقی لوگ منارۃ المسیح کہتے ہیں) صبح کی نماز کے وقت نازل ہوں گے۔

(محصلہ تفسیر ابن کثیر ج۱ ص۵۸۲)

علامہ محمد طاہر الحنفیؒ (المتوفی ۹۸۶ھ) فرماتے ہیں کہ

"حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام قیامت کے قریب آئیں گے۔
کیونکہ ان کے نزول کی حدیث متواتر ہے" (مجمع البحار جلد ا صفحہ ۲۸۶)

علامہ ابو محمد بن حزم الظاہریؒ (المتوفی ۴۵۶ھ) فرماتے ہیں کہ

جو شخص آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بغیر کسی اور نبی کے آنے کا قائل ہو۔ تو اس کے کفر میں دو مسلمانوں نے کبھی شک نہیں کیا۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک امر پر تمام پر حجت قائم ہو چکی ہے۔ (الملل والنحل ج۳ ص ۱۲۹)

نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ (المتوفی ۱۳۰۷ھ) لکھتے ہیں کہ

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا آخری زمانہ میں نازل ہونا متواتر احادیث سے ثابت ہے۔ (فتح البیان ص ۲۴۴ ج۲)

غرضیکہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات اور نزول پر متواتر احادیث موجود ہیں۔ اور امتِ مسلمہ کا اجماع واتفاق اس پر مستزاد ہے۔ جس کا انکار بغیر کسی ملحد کے اور کوئی نہیں کر سکتا۔

یہ یاد رہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ نزول آسمان سے ہوگا۔ جیسا کہ حضرت ابو ہریرہؓ کی مرفوع حدیث میں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ینزل من السماء آسمان سے نازل ہوں گے (کتاب الاسماء والصفات للبیہقیؒ ص ۳۰۱ طبع الہ آباد و مجمع الزوائد ص ۲۴۹ ج۷ و کنز العمال ص ۲۶۸ ج۷ و منتخب کنز برحاشیہ مسند احمد ص ۵۶ ج۲) اور نزول کے بعد وہ چالیس سال تک زندہ رہیں

گے ۔ اور حکومت کریں گے (ابو داؤد ص۲۳۸ ج۲ و الطیاسی ص۳۳۱ و مستدرک ص۵۹۵ ج۲ و مجمع الزوائد ص۲۰۵ ج۸) یہ حکومت قرآن و حدیث اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شریعت کے مطابق ہو گی۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام آپؐ کے وفادار خلیفہ کے حکم میں ہوں گے۔

آنحضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد مُدعی نبوت اور اس کو نبی ماننے والا واجب القتل ہے

نصوص قطعیہ، احادیث صحیحہ متواترہ اور اجماع امت سے مسئلہ ختم نبوّت کا اتنا اور ایسا قطعی ثبوت ہے کہ اس میں تامّل کرنے والا بھی کافر ہے۔ بلکہ صحیح اور صریح احادیث کی رُو سے مُدعیِ نبوت اور اس کو نبی ماننے والا واجب القتل ہے۔ مگر یہ قتل صرف اسلامی حکومت کا کام ہے نہ کہ رعایا اور افراد کا۔

حضرت عبد اللہؓ بن مسعود (المتوفی ۳۲ھ) سے روایت ہے۔

قال قد جاء ابن النواحة و	وہ فرماتے ہیں کہ مسیلمہ کذاب کے دو سفیر عبد اللہ بن
ابن اثال رسولین لمسیلمة	نواحہ اور اسامہ بن اُثال آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ	علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے
وسلم فقال لہما رسول اللہ صلی	اُن دونوں سے فرمایا کہ تم اس کی گواہی دیتے ہو
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشہدان	کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں؟ انہوں نے کہا
انی رسول اللہ؟ قالا نشہد ان	کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ تعالیٰ کا رسول
مسیلمة رسول اللہ فقال رسول	ہے (معاذ اللہ تعالیٰ) آپؐ نے فرمایا۔ کہ میں اللہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آمنت باللہ ورسلہ لو کنت قاتلاً رسولاً لقتلتکم قال عبداللہؓ فمضت السنۃ بان الرسل لاتقتل فاما ابن اثال فکفاناہ اللہ واما ابن النواحہ فلم یزل فی نفسی حتی امکننی اللہ تعالیٰ منہ (ابوداؤد الطیالسی ص۳۶ واللفظ لہ ومستدرک ج۲ ص۵۳، قال الحاکمؒ والذہبیؒ صحیح ومشکوٰۃ ج۲ ص۳۴۷ ومسند احمد ج۱ ص۳۹۰ ونحوہ فی الدارمی ص۳۳۲ طبع ہند)

تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔ اگر میں کسی قاصد کو قتل کرتا تو تمہیں قتل کر دیتا۔ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ (بین الاقوامی دستور اور) سنت یوں جاری ہے کہ سفیروں کو قتل نہیں کیا جاتا رہا۔ ابن اثال کا معاملہ تو اللہ تعالیٰ نے خود ہی اس کی کفایت کر دی (اسامہؓ بن اثال بعد کو مسلمان ہو گئے تھے۔ البدایۃ والنہایۃ ج۲ ص۵۲) اور ابن نواحہ کا معاملہ میرے دل میں کھٹکتا رہا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی قدرت دی اور میں نے اُسے قتل کروایا۔

ابوداؤد ج۲ ص۲۴ اور مستدرک ج۳ ص۵۲ میں ایک اور سند سے بھی یہ روایت مروی ہے۔ جو اس حدیث کی صرف متابع اور شاہد ہے۔

اس صحیح روایت سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی کو نبی تسلیم کرنے والا واجب القتل ہے۔ رکاوٹ صرف یہ پیش آئی کہ اس وقت اسامہؓ بن اثال اور عبداللہ بن نواحہ سفیر تھے۔ اور سنت اور اس وقت کے بین الاقوامی دستور کے مطابق سفراء کو قتل نہیں کیا جاتا تھا۔ تاکہ پیغام رسانی میں کسی قسم کی کوئی کمی اور کوتاہی باقی نہ رہ جائے۔ حضرت عثمانؓ کے دورِ خلافت میں جب حضرت عبداللہ بن مسعود کوفہ کے گورنر تھے تو عبداللہ بن نواحہ ان کے قابو آگیا اور وہ اپنے اس باطل عقیدہ سے باز نہ آیا۔ اور توبہ کرنے پر آمادہ نہ ہوا۔ حضرت ابن مسعودؓ نے حضرت قرظہ بن کعب کو حکم

دیا۔ کہ وہ ابنِ نواحہ کی گردن اڑا دے۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ (مستدرک ج ۳ ص۵۲ قال الحاکم والذہبیؒ صحیح)

اور حضرت ابن مسعودؓ نے اس موقع پر ابن نواحہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ!

فانت الیوم لست برسول فامر قرظۃؓ بن کعب فضرب عنقہ فی السوق ثم قال من اراد ان ینظر الی ابن النواحۃ قتیلاً بالسوق۔ (ابوداؤد ج ۲ ص۳۴۷)	آج کے دن تو تو قاصد نہیں ہے۔ پھر انہوں نے حضرت قرظہؓ بن کعب کو حکم دیا۔ اور انہوں نے کوفہ کے بازار میں ابنِ نواحہ کی گردن اڑا دی پھر فرمایا کہ جو شخص ابن نواحہ کو بازار میں مقتول دیکھنا چاہتا ہے تو دیکھ لے۔

اور سنن الکبریٰ ج ۸ ص۲۰۶ اور طحاوی ج ۲ ص۲۰۱ میں روایت ہے۔ کہ عبداللہ بن نواحہ کوفہ کی مسجد بنو حنیفہ میں نماز پڑھتا تھا۔ اور اس کے موذن نے اذان میں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللہ کے بعد وَاَنَّ مُسَیْلَمَةَ (الکذاب) رَسُوْلُ اللہ کہا (معاذ اللہ تعالیٰ)

زندیق کی تعریف

زندیق شرعاً ہر ایسے شخص کو کہا جاتا ہے۔ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار کرتا ہو اور شعائر اسلام کا اظہار بھی کرتا ہو۔ مگر کسی کفریہ عقیدہ پر ڈٹا ہوا ہو۔ چنانچہ علامہ سعدالدین تفتازانیؒ المتوفیٰ ۷۹۲ھ لکھتے ہیں کہ!

وان کان مع اعترافہ بنبوۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واظہار شعائر الاسلام	اگر وہ شخص آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار کرتا ہے اور شعائر اسلام کا

يبطن عقائد هى كفر بالاتفاق خص باسم الزنديق (شرح مقاصد ج۲ ص۲۶۸ ومثلہ فی کلیات ابی البقاءؒ ص۵۵۳) — اظہار بھی کرتا ہے۔ لیکن دل میں ایسے عقیدے رکھتا ہے۔ جو بالاتفاق کفر ہیں۔ تو وہ زندیق ہے۔

اور حضرت ملا علی القاریؒ زندیق کا یہ معنی بیان کرتے ہیں۔

او من يبطن الكفر ويظهر الايمان الخ — یا وہ کفر کو چھپاتا اور ایمان کو ظاہر کرتا ہو۔ (مرقات ج۷ ص۱۰۴)

علامہ ابن عابدین الشامیؒ المتوفی ۱۲۵۲ھ فرماتے ہیں کہ!

فان الزنديق يموه بكفره ويروج عقيدته الفاسدة ويخرجها فى الصورة الصحيحة وهذا معنى ابطان الكفر اه (شامی ج۳ ص۳۲۴) — زندیق ملمع سازی کر کے اپنے کفر کو پیش کرتا ہے فاسد عقیدہ کی ترویج کرتا ہے۔ اور اس کو صحیح صورت میں ظاہر کرتا ہے اور کفر کے چھپانے کا یہی مطلب ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ احمدؒ بن عبد الرحیمؒ محدث دہلوی (المتوفی ۱۱۷۶ھ) فرماتے ہیں۔

وان اعترف به ظاهراً لكنه يفسر بعض ما ثبت من الدين بخلاف ما فسره الصحابةؓ والتابعون واجمعت عليه الامة فهو الزنديق — مسوّی ج۲ ص۱۰۹ — اور اگر وہ ملحد ظاہری طور پر دین کو مانتا ہے مگر ضروریاتِ دین میں سے کسی چیز کی ایسی تفسیر کرتا ہے جو حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ اور ائمت کے اجماع کے خلاف ہو۔ جیسے قادیانی خاتم النبیین کا معنی کرتے ہیں۔ تو وہ زندیق ہے۔ (صفدر)

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب (المتوفی ۱۳۹۶ھ) مفتی اعظم پاکستان فرماتے ہیں کہ!

زندیق کی تعریف میں جو عقائد کفریہ کا دل میں رکھنا ذکر کیا گیا ہے اس کا مطلب یہ نہیں۔ کہ وہ مثل منافق کے اپنا عقیدہ ظاہر نہیں کرتا۔ بلکہ یہ مراد ہے کہ اپنے عقائد کفریہ کو ملمع کر کے اسلامی صورت میں ظاہر کرتا ہے۔

(کذا فی الشامی) (جواہر الفقہ ج ا ص ۲۹)

نرا وہم

خود قادیانیوں کو اور ان کے کفر میں تردد کرنے والے بعض نو خیز انگریزی خواں کو یہ وہم ہے۔ کہ مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کی جماعت نے پاک و ہند اور بعض دیگر ممالک میں اسلام پھیلایا۔ اور دین کی بڑی خدمت کی ہے۔ لہذا ان کی تکفیر مناسب نہیں۔ لیکن یہ ان کا نرا دجل اور مکر ہے۔ اولاً اس لئے کہ ختم نبوت جیسے قطعی عقیدہ کا انکار کرنا اور حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی توہین کرنا اور حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ کی حیات و نزول کا انکار کرنا۔ اور ظالم انگریز کی تائید میں تعریف کے پُل باندھ دینا اور پچاس الماریاں اس کی تائید میں لکھ مارنا دین اسلام کی کون سی خدمت ہے؟ اور یہ خرافات دین اسلام کے کن عقائد کا نام ہے؟ اگر معاذ اللہ تعالیٰ دین اسلام کو مٹانا اور اس کے بنیادی عقائد کو بدل ڈالنا اور پیغمبروں کی قابلِ احترام ہستیوں کی کھلے طور پر توہین کرنا اسلام کی خدمت ہے۔؟ تو قادیانیوں کی اپنی خانہ ساز اصطلاح اور اختراع ہے۔ وثانیاً اگر بالفرض کسی کافر و فاجر سے دین کی کوئی تائید ہو بھی جائے۔ تو اس سے اس کا مسلمان اور متقی ہونا کیونکر اور کیسے ثابت ہو جائے گا۔؟ صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ کہ غزوۂ خیبر میں قزمان نامی منافق نے میدانِ

جہاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اور وہ زخمی ہوا اور خودکشی کرلی۔

حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں فرمایا کہ!

ان الله ليؤيد هذا الدين بالرجل الفاجر (بخاری ج ۱ ص ۴۳۲ و ص ۹۰۴ ج ۲ وسنن الکبریٰ ج ۸ ص ۱۹۷)

بے شک اللہ تعالیٰ فاجر کے ذریعہ بھی اس دین کو تقویت پہنچا دیتا ہے۔

اور ایک دوسری حدیث میں جو حضرت انسؓ سے مرفوعاً مروی ہے یوں آتا ہے

سیشدد هذا الدین برجال لیس لهم عند الله خلاق (الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۶ وقال صحیح والسراج المنیر ج ۳ ص ۲۵۲ وقال حدیث صحیح۔

عنقریب اس دین کو ایسے مردوں کے ساتھ مضبوط کیا جائے گا جن کے لئے اللہ تعالیٰ کے نزدیک (ایمان وخیر کا) کوئی حصہ نہ ہو گا۔

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ باطل فرقوں میں سے کسی شخص کے قول وفعل سے دینِ اسلام کی تقویت تو ہوسکتی ہے۔ مگر اسلام کے کسی مسئلہ اور پہلو کی تائید وتقویت سے فاجر وملحد وزندیق کا ایمان واسلام اور تقویٰ ثابت نہیں ہوسکتا اور اس کے مومن ومسلم کہلانے سے وہ مومن ومسلم نہیں ہوسکتا کیونکہ اسلام کے قطعی عقائد سے اس کا انکار ہوتا ہے اور دل ایمان وایقان سے خالی ہوتا ہے ؎

سفر کی سمت کا کوئی تعین ہو تو کیسے ہو
غبار کارواں کچھ، راستہ کچھ اور کہتا ہے

محض نبوت کے زبانی اقرار سے کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا

حضرات فقہاء کرامؒ محدثین عظامؒ اور

متکلمین ذوی الاحترام کے نزدیک ایمان کی شرعی تعریف یہ ہے۔

واما فی الشرع فھو التصدیق بما علم مجیئ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہٖ ضرورۃً تفصیلاً فیما علم تفصیلاً واجمالاً فیما علم اجمالاً وھذا مذھب جمھور المحققین (فتح الملہم ج ۱ ص ۱۵۲)

شریعت میں ایمان کا مطلب یہ ہے کہ ہر اُس ضروری چیز کی تصدیق کی جائے۔ جس کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ طرف سے لے کر آئے ہیں۔ جو چیزیں تفصیلاً معلوم ہوں۔ ان کی تفصیلاً تصدیق ہو اور جو چیزیں اجمالاً معلوم ہوں ان کی اجمالاً تصدیق ہو۔ یہی جمہور محققین کا مذہب ہے۔

اس سے ایمان کا شرعی معنیٰ واضح ہوگیا۔ نہ یہ کہ محض آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کے اقرار سے کوئی مسلمان ہو سکتا ہے۔ امام ابو محمد عبدالملک بن ہشام (المتوفیٰ ۲۱۳ یا ۲۱۸ھ) مسیلمہ (بن حبیب وقیل ابن ثمامہ ابو ثمامہ الکذاب) کے بارے لکھتے ہیں۔ کہ!

واحل لھم الخمر والزنا ووضع عنھم الصلوٰۃ وھو مع ذلک یشھد لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بانہ نبی (السیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۵۷۷)

مسیلمہ نے ان کے لئے شراب وزنا کو حلال کیا۔ اور نمازوں کی چھٹی دے دی۔ مگر بایں ہمہ وہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں یہ شہادت دیتا تھا کہ آپ نبی ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شریعت میں شراب وزنا کی حرمت قطعی ہے۔ ان کو حلال کرنا اور نمازوں کو معاف کرنا۔ جن کا پڑھنا اور ادا کرنا آپ کی شریعت میں دین کی بنیاد ہے۔ قطعاً کفر ہے۔ پھر محض زبانی طور پر آپ کی نبوت کے

اقرار کرنے سے مسیلمہ کذاب کو کیا فائدہ ہوا ؟
اور وہ کفر سے کیونکر بچ سکا۔ اور پھر خود نبوت کا دعویٰ کرنے سے وہ غَضَبٌ عَلٰی غَضَب اور کفر فوق کفر کا مرتکب ہوا۔ (عیاذ باللہ تعالیٰ)

شیخ الاسلام حافظ احمدؒ بن عبد الحلیمؒ ابن تیمیہؒ (المتوفی ۷۲۸ھ) لکھتے ہیں کہ۔

قد اجمع المسلمون ان من سبّ اللہ تعالیٰ او سبّ رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم او دفع شیئاً ممّا انزل اللہ او قتل نبیاً من انبیاء اللہ انہ کافر وان کان مقرًا بما انزل اللہ تعالیٰ اھ
(الصارم المسلول ص۵۱۲)

تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع و اتفاق ہے کہ جس شخص نے اللہ تعالیٰ یا جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو برا کہا۔ یا اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ احکام میں سے کسی کو رد کر دیا۔ یا اللہ تعالیٰ کے نبیوں میں سے کسی نبی کو شہید کر دیا۔ تو وہ شخص کافر ہے اگرچہ زبانی طور پر وہ مَا اَنْزَلَ اللہ تعالیٰ کا مُقِر ہو۔

یہ تمام صریح حوالے اس پر دال ہیں۔ کہ صرف زبانی طور پر اسلام کا دعویٰ کرنا یا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت کا اقرار کر لینا ہی مسلمان کہلانے کے لئے کافی نہیں ہے۔ بلکہ تمام ضروریات دین کا یقین و اذعان کرنا ضروری ہے۔ لاریب فیہ۔

مرزا صاحب کے دعوائے نبوت کی حقیقت اور ضرورت

آج سے تقریباً دو سو سال پہلے انگریز قوم نے کئی سمندر پار سے تاجرانہ صورت میں آکر سونے کی چڑیا (ہندوستان) پر مکارانہ اور غاصبانہ قبضہ کر لیا۔ اور مجاہدین اسلام اور حریت پسندوں سے متعدد معرکوں میں مقابلہ بھی

کیا۔ جن میں معرکہ شاملی وغیرہ بھی شامل ہے۔ مگر اپنے تدبّر اور عیّاری سے اپنا اقتدار اور تسلط پورے ہندوستان پر جما لیا اور اُس کی گرفت مضبوط سے مضبوط تر ہو گئی۔

اس دور میں ہندوستان میں علمی عملی اور سیاسی طور پر مسلّم شخصیّت حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدّث دہلویؒ (المتوفی ۱۲۳۹ھ) کا فتویٰ پورے ہندوستان میں گونج رہا تھا۔ کہ انگریز کے تسلّط جما لینے کے بعد ہندوستان دار الحرب ہے (ملاحظہ ہو فتاویٰ عزیزی جزا صا۱۷ وج ۱ ص۱۱۵) علماء کرام اور عامۃ المسلمین اس فتویٰ سے بڑے متاثر اور مطمئن تھے۔ برعکس اس کے انگریز اس سے بہت ہی خائف اور پریشان تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ اس کا اثر بالکل زائل یا کم ہو۔

اس وقت ایک طرف تو بریلوی حضرات کے اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب نے رسالہ اعلام الاعلام بان ہندوستان دار الاسلام لکھ کر انگریز کا کچھ غم ہلکا کیا اور پھر ان کے فرزند فاضل ابن الفاضل ابو البرکات آل الرحمٰن محمد مصطفیٰ رضا خاں صاحب اور ان کے تقریباً تیرہ ہمنوا جید علماء اور مصدقین نے اختراعی مقدمات جوڑ جوڑ کر انگریز کے خلاف جہاد کو حرام حرام حرام قرار دیا۔ (دیکھئے طرق الہدیٰ والارشاد ص۱۲ طبع بریلی) اور دوسری طرف بعض غیر مقلدین حضرات نے اپنے جاہ و جلال اور ریاستوں کی حفاظت اور انگریز کی کاسہ لیسی کی خاطر انگریز قوم کے خلاف جہاد حرام قرار دیا۔ چنانچہ نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں کہ۔ کہ کسی نے نہ سُنا ہوگا۔ کہ آج تک کوئی موحد متبع سنت حدیث و قرآن پر چلنے والا بے وفائی اور اقرار توڑنے کا مرتکب ہوا ہو یا فتنہ انگیزی اور بغاوت پر آمادہ ہوا ہو۔ جتنے لوگوں نے غدر میں شر و فساد کیا۔ اور حکام انگلشیہ سے برسرِ عناد ہوئے۔ سب کے سب مقلدان مذہب حنفی تھے۔ (الحمد للہ تعالیٰ کہ جہاد

کا یہ شرف احناف کو حاصل ہے۔ صفدر) نہ متبعانِ حدیث نبوی بلفظہ (ترجمانِ وہابیہ صفحہ ۲۵) اُسی اثناء میں انگریزی حکومت کو مستحکم کرنے کے لئے انگریز کی طرف سے مرزا غلام احمد قادیانی کو جعلی نبوت عطا ہوئی۔ تاکہ وہ جہاد کو منسوخ کر کے انگریز کے قدم مضبوط کرے۔ اور دینی طور پر لوگوں کی ذہن سازی کرے اور یہ خالص حقیقت ہے کہ انگریز کے اس خود کاشتہ پودا نے انگریز کے لئے بہت کچھ کیا۔ اور اس کے حق میں بہت کچھ کہا ہے اور اس خانہ ساز طریقہ سے اس نے اسلام کی مضبوط اور سیسہ پلائی ہوئی دیواروں میں دراڑیں ڈالنے کی بے حد کاوش اور سعی کی اور انگریز نے اس سے کرائی ہے۔ حضرت مولانا ظفر علی خان صاحب نے برمحل یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ؎

کاٹنا مقصود ہے جس سے شجر اسلام کا قادیاں کے لندنی ہاتھوں میں وہ آری بھی دیکھ

مولانا موصوفؒ نے جو فرمایا ہے وہ سراسر حقیقت ہے۔ مرزا صاحب نے براہین (نامی کتاب) کی پچاس جلدیں لکھنے کا اعلان کیا اور اس کے لئے خوب چندہ فراہم کیا۔ جب پانچ جلدیں لکھ چکے تو چپ سادھ گئے۔ لوگوں نے وعدہ پورا کرنے کا تقاضا کیا۔ تو یوں گویا ہوئے۔ پہلے پچاس ۵۰ لکھنے کا ارادہ تھا۔ مگر پچاس ۵۰ سے پانچ پر اکتفا کیا گیا۔ اور چونکہ پچاس اور پانچ کے عدد میں صرف ایک نقطے اور (صفر) کا فرق ہے۔ اس لئے پانچ حصوں سے وعدہ پورا ہو گیا۔ (بلفظہ براہین حصہ پنجم صفحہ ۷)

سبحان اللہ تعالیٰ اربعین (نامی کتاب) کے چالیس نمبر لکھنے کا اعلان کیا۔ جب چار حصے لکھ کر ترکی ختم ہو گئی اور چندہ ہضم ہو گیا۔ تو یہ کہا کہ چار کو بجائے چالیس کے خیال کرو (اربعین ج ۴ صفحہ ۱۴۲) یعنی ایک صفر اور زیرو اپنی طرف سے ڈال کر پانچ

کو پچاس اور چار کو چالیس بنا ڈالو کیا خوب ؟ یہ فریب کاری اور جعل سازی جعل نبی ہی کا شیوہ ہے۔

مرزا صاحب نے صداقتِ اسلام پر تین سو دلائل پیش کرنے کا دعویٰ اور اعلان کیا۔ جب چندہ اکٹھا اور عیش کوشی کا سامان مہیا ہو گیا تو صرف دو دلیلیں لکھ کر خاموش ہو گئے (دیکھئے براہین ص۷ حصہ پنجم) اب یہ بات تو مرزا غلام احمد صاحب کی خانہ ساز نبوت ہی جانے کہ دو کو تین سو پر کیسے فٹ کیا جا سکتا ہے ؟ اور اس صریح مکر و فریب کا ان پاس کیا جواز ہے ؟ مگر یہ نہ پوچھئے آخر انگریزی نبی جو ہوئے ؟

؎ دل فریبوں نے کہی جس سے نئی بات کہی ایک سے دن کہا دوسرے سے رات کہی

مرزا صاحب کا اپنا اقرار

بجائے اس کے کہ ہم دیگر مؤرخین کے حوالوں سے یہ ثابت کریں کہ مرزا غلام احمد قادیانی نے جہاد کو حرام قرار دیا۔ اور انگریز کی بڑھ چڑھ کر اور ایڑی چوٹی کا زور صرف کر کے حمایت و تائید کی خود ان کے اپنے حوالے ہی کفایت کریں گے۔ چنانچہ مرزا صاحب لکھتے ہیں۔

(۱) میری عمر کا اکثر حصہ سلطنت انگریزی کی تائید و حمایت میں گذرا ہے۔ اور میں نے ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں لکھی ہیں۔ اور اشتہارات شائع کئے ہیں۔ کہ اگر وہ رسائل اور کتابیں اکٹھی کی جائیں۔ تو پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں۔

(تریاق القلوب طبع اوّل ص۱۵ و طبع دوم ص۲۷)

جس شخص کی زندگی کا بیشتر حصہ انگریزی حکومت کی تائید و اطاعت اور جہاد کی ممانعت و مخالفت میں گزرا۔ اور اس قدر اس نے کتابیں اور رسالے لکھے ہوں

کہ ان سے پچاس الماریاں بھر جاتی ہوں۔ تو ایسے شخص کے انگریزی سلطنت کے وفادار اور خود کاشتہ پودا ہونے کے بارے میں کیا شک و تردد ہو سکتا ہے؟

(۲) ہر ایک شخص جو میری بیعت کرتا ہے۔ اور مجھ کو مسیح موعود جانتا ہے۔ اسی روز سے اس کو یہ عقیدہ رکھنا پڑتا ہے۔ کہ اس زمانے میں جہاد قطعاً حرام ہے۔ (ضمیمہ رسالہ جہاد ص۷)

(۳) میں یقین رکھتا ہوں۔ کہ جیسے جیسے میرے مرید بڑھیں گے۔ ویسے ویسے مسئلہ جہاد کے معتقد کم ہوتے جائیں گے۔ کیونکہ مجھے مسیح اور مہدی مان لینا ہی مسئلہ جہاد کا انکار کرنا ہے۔

(تبلیغ رسالت جلد ہفتم ص۱۷)

(۴) میں نے مناسب سمجھا۔ کہ اس رسالہ کو بلاد عرب یعنی حرمین اور شام اور مصر وغیرہ میں بھی بھیج دوں۔ کیونکہ اس کتاب کے ص۱۵۲ میں جہاد کی مخالفت میں ایک مضمون لکھا گیا ہے۔ اور میں نے بائیس ۲۲ برس سے اپنے ذمہ فرض کر رکھا ہے۔ کہ ایسی کتابیں جن میں جہاد کی مخالفت ہو اسلامی ممالک میں ضرور بھیج دیا کرتا ہوں۔

(تبلیغ رسالت جلد دہم ص۲۶)

(۵) مرزا صاحب نے جہاد کی مخالفت اور ممانعت پر جہاں نثر کے ذریعہ زور لگایا ہے وہاں نظم و شعر میں بھی جہاد کی حرمت کو خوب خوب اُجاگر کیا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔ ؎

چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال دیں کے لئے حرام ہے اب جنگ و قتال

دشمن ہے وہ خدا کا جو کرتا ہے اب جہاد منکر نبی کا ہے جو یہ رکھتا ہے اعتقاد
(ضمیمہ تحفہ گولڑویہ ص۳۹)

(۶) بلکہ جہاد اب قطعاً حرام ہے (تحفہ گولڑویہ ص۱۲۸ و نہج المصلی ص۸)

(۷) سو آج سے دین کے لئے لڑنا حرام کیا گیا۔ (تبلیغ رسالت ص۳۵ و ص۳۶)

ان تمام صریح اور روشن حوالوں سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کی بعثت از طرف برطانیہ محض اپنی تائید و اطاعت کو نمایاں کرنے اور جہاد کو حرام قرار دینے کے لئے ہوئی تھی۔ اور مرزا صاحب کے چیلوں نے دین کے لئے لڑنے کو حرام سمجھ کر انگریز کے ہاتھ خوب مضبوط کئے۔ اور آج بھی انہی ممالک میں اُن کے اڈے ہیں۔ جہاں انگریز کا ذہن اور تہذیب و تمدّن موجود ہے۔ کیونکہ فطری امر ہے۔ کہ ہر درخت اپنے مناسب ماحول ہی میں برگ و ثمر لاتا ہے۔ تو قادیانیت کا خود کاشتہ پودا بھلا اس فطری معاملہ سے کیسے الگ رہ سکتا ہے۔

صریح دھوکہ

قادیانی عوام الناس کو دھوکہ دینے کے لئے یہ کہا کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صاحب کتاب اور صاحب شریعت نبی ہیں آپؐ پر جو نبوت ختم ہوئی ہے وہ تشریعی ہے۔ اور مرزا صاحب تو آپؐ کے اُمتی اور غیر تشریعی نبی ہیں لہذا مرزا صاحب کو امتی اور غیر تشریعی نبی تسلیم کرنے سے ختم نبوت پر کوئی زد نہیں پڑتی اور لفظ خاتم النّبیّن اپنے مقام پر فٹ رہتا ہے مگر یہ سراسر دھوکہ ہے۔ اوّلاً۔ اس لئے کہ ہم نے قرآن کریم اور صریح و صحیح احادیث کے حوالے سے یہ بات عرض کی ہے۔ کہ آنحضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر ہر قسم کی نبوت و رسالت ختم ہو چکی ہے۔ نہ تو آپؐ کے بعد کوئی شریعت والا نبی پیدا

ہوسکتا ہے۔ اور نہ غیر شریعت والا (ثانیاً) اس لئے کہ مرزا صاحب نے تشریعی نبوت کا دعویٰ کیا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ:

اگر کہو کہ صاحب الشریعۃ افترا کرکے ہلاک ہوتا ہے، نہ ہر ایک مفتری تو اوّل تو یہ دعویٰ بے دلیل ہے۔ خُدا نے افتراء کے ساتھ شریعت کی کوئی قید نہیں لگائی۔ ماسوا اس کے یہ بھی تو سمجھو۔ کہ شریعت کیا چیز ہے۔ جس نے اپنی وحی کے ذریعہ سے چند امر اور نہی بیان کئے۔ اور اپنی اُمت کے لئے ایک قانون مقرر کیا ہے۔ وہی صاحب الشریعت ہو گیا۔ پس اس تعریف کی رُو سے بھی ہمارے مخالف ملزم ہیں۔ کیونکہ میری وحی میں امر بھی ہیں اور نہی بھی۔ (رسالہ اربعین ع۴ ص۶)

اس حوالہ سے بالکل واضح ہو گیا۔ کہ مرزا صاحب کا صاحب الشریعۃ نبی ہونے کا دعویٰ ہے۔ اور ان کی وحی میں بقول اُن کے اوامر بھی ہیں اور نواہی بھی! ایک امر تو ہے کہ جہاد حرام ہے۔ اب جو شخص دین کے لئے جہاد کرتا ہے۔ تو بقول مرزا صاحب وہ خدا کا دشمن اور نبی کا مُنکر ہے۔ اور یہ حرمت جہاد بھی قطعی ہے۔ بھلا عین ضرورت کے وقت اس وحی سے جو ٹیچی (مرزا صاحب کے پاس آنے والے فرشتے کا نام ٹیچی تھا۔ حقیقۃ الوحی ص۳۳۲) کی طرف سے آئی سفید فام آقا کیوں خوش نہ ہوتا۔

مطیع ہونے کا دعویٰ باطل ہے

خود مرزا صاحب اور ان کی رُوحانی ذریت مسلمانوں کو یہ بھی باور کراتے ہیں کہ مرزا صاحب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تابع مطیع اور فرمانبردار ہیں۔ اور

ان کی (جعلی اور اختراعی) نبوّت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی نبوت کا ظل، سایہ اور بروز ہے۔ مگر مرزا صاحب کے اپنے بیانات اس کے خلاف ہیں وہ معاذ اللہ تعالیٰ اپنے کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عین بلکہ آپؐ سے بڑھا ہوا تصوّر کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو

(۱) ؎ منم مسیح زماں منم کلیمِ خُدا　　منم محمد احمد کہ مجتبیٰ باشد

(تریاق القلوب ص۳)

؎ آدمم نیز احمد مختار　　در برم جامۂ ہمہ ابرار

آنچہ داداست ہر نبی را جام　　داد آں جام را مرا بتمام

(نزول المسیح ص۹۹)

(۲) ــــ جو شخص مجھ میں اور نبی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں فرق کرتا ہے۔ اُس نے مجھے نہیں جانا اور نہیں پہچانا (خطبہ الہامیہ ص۱۷۱) (معاذ اللہ تعالیٰ) ان عبارات میں مرزا صاحب نے اپنے آپ کو معاذ اللہ تعالیٰ عین محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ثابت کیا ہے۔

(۳) ــــ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کے وقت دین کی حالت پہلی شب کے چاند کی طرح تھی بگر مرزا صاحب کے وقت چودہویں رات کے چاند اور بدر جیسی ہے (محصلہ خطبہ الہامیہ ص۱۸۱) نیز لکھتا ہے۔ پہلے اسلام ہلال تھا اب بدر ہو گیا ہے (ایضاً محصلہ ص۱۸۴، ص۱۹۸)

(۴) ــــ غلبہ کاملہ (دین اسلام) کا آنحضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں ظہور میں نہیں آیا۔ یہ غلبہ مسیح موعود (مرزا) کے وقت ظہور میں آئے گا۔ (چشمہ معرفت ص۸۳)

(۵)۔۔۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تین ہزار معجزات ہیں (تحفہ گولڑویہ ص۴۰) مگر مرزا صاحب کے دس لاکھ نشان ہیں (تذکرۃ الشہادتین ص۴۱) معجزہ اور نشان ایک ہوتا ہے

(نصرۃ الحق ص۴۲ مؤلفہ مرزا غلام احمد)

(۶)۔۔۔ مرزا صاحب لکھتے ہیں۔ آسمان سے کئی تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا (حقیقۃ الوحی ص۸۹) مرزا صاحب عجیب ظلی، بروزی مطیع اور غیر تشریعی نبی ہیں۔ کہ ان کا تخت تو سب نبیوں سے اوپر اور اونچا بچھایا گیا۔ مگر ذو ظل نیچے رہے۔

(۷)۔۔۔ نیز لکھا ہے کہ اس وقت ہمارے قلم رسول اللہ علیہ وسلم کی تلواروں کے برابر ہیں۔ (ملفوظات احمدیہ جلد ا ص۲۴۶)

ان عبارات میں مرزا صاحب نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بھی فوقیت اور برتری کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے (العیاذ باللہ تعالیٰ)

قارئین کرام! کہاں تک مرزا قادیانی کی خرافات نقل کی جائیں۔ ان کی جملہ کتابیں ایسی خرافات سے پُر ہیں۔ ان حوالوں میں مرزا صاحب نے پہلے تو معاذ اللہ تعالیٰ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں مدغم ہونے اور آپ میں حلول اور اتحاد کا باطل دعویٰ کیا ہے۔ پھر اگلی عبارات میں آپؐ سے معاذ اللہ تعالیٰ فوقیت اور برتری کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے۔ اور یہ سب کچھ کر چکنے کے بعد بھی اپنے آپ کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اُمتی تابع اور مطیع کرنے کی قسم کھا رکھی ہے۔ اور ظلی بروزی کے چکر میں الجھا کر اپنا اُلّو سیدھا کیا ہے۔ یہ عجیب ظل اور سایہ ہے۔ کہ اصل اور ذی ظل تو تین ہزار بار حرکت کرتا ہے (کہ آپؐ سے تین ہزار معجزے صادر ہوئے) مگر سایہ دس لاکھ مرتبہ اٹھتا، اُچھلتا، ناچتا اور کودتا ہے۔ اور لُطف یہ ہے۔ کہ ہے وہ

پھر بھی اصل کا سایہ اور ظل ہی مرزا صاحب کی یہ نرالی منطق ہے۔

(۸) ــــ خدا نے اس اُمت میں سے مسیح موعود بھیجا۔ جو اس سے پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے۔ (حقیقۃ الوحی ص۱۴۸ منقول از ریویو جلد اول ص۲۵۷)

(۹) ــــ نیز لکھا ہے کہ ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو۔ اس سے بہتر غلام احمد ہے
(تتمہ حقیقۃ الوحی ص۴۹ و دافع البلاء ص۲)

بلکہ حضرت عیسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس سے بڑھ کر توہین کی ہے۔ اور یہ لکھا ہے کہ!

(۱۰) ــــ عیسائیوں نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں۔ مگر حق بات یہ ہے۔ کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا۔ (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم ص۶)

(۱۱) ــــ آپ کا خاندان بھی نہایت ہی پاک و مطہر ہے۔ تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔
(حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم ص۷)

(۱۲) ــــ یہ تو وہی بات ہوئی۔ کہ جیسا کہ ایک شریر مکار نے جس میں سراسر یسوع کی رُوح تھی آپ کو کسی قدر جھوٹ بولنے کی بھی عادت تھی۔ آپ کو گالیاں دینی اور بدزبانی کی اکثر عادت تھی۔ (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم ص۵)

(۱۳) ــــ یسوع مسیح کے چار بھائی اور دو بہنیں تھیں۔ یہ سب یسوع کے حقیقی بھائی اور حقیقی بہنیں تھیں۔ یعنی سب یوسف (نجار) اور مریم کی اولاد تھی۔
(حاشیہ کشتی نوح ص۱۶)

(۱۴) ــــ چونکہ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس ۲۲ برس کی مدت تک نجاری (بڑھیوں اور ترکھانوں) کا کام بھی کرتے تھے۔ (ازالۃ الاوہام ص۱۲۵)

(۱۵)___ ہائے کس کے سامنے یہ ماتم لے جائیں۔ کہ حضرت عیسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تین پیش گوئیاں صاف طور پر جھوٹی نکلیں۔ اور آج کون زمین پر ہے۔ جو اس عقدہ کو حل کرے۔ (اعجاز احمدی ص۱۴)

(۱۶)___ اور مریم کی وہ شان ہے۔ جس نے ایک مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا۔ پھر بزرگان قوم کی ہدایت و اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کرلیا۔ گو لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ برخلاف تعلیم توراۃ عین حمل میں نکاح کیا گیا۔ اور بتول ہونے کے عہد کو کیوں ناحق توڑا گیا۔ اور تعداد ازواج کی کیوں بنیاد ڈالی گئی۔ یعنی باوجود یوسف نجار کی پہلی بیوی کے ہونے کے پھر مریم کیوں راضی ہوئی۔ کہ یوسف نجار کے نکاح میں آدے مگر میں کہتا ہوں۔ کہ سب مجبوریاں تھیں۔ جو پیش آگئیں۔ اس صورت میں وہ لوگ قابل رحم تھے نہ قابل اعتراض۔ (کشتیٔ نوح ص۱۶) معاذ اللہ تعالیٰ

ضروریات دین میں تاویل بھی کفر ہے

جس طرح ضروریات دین میں سے کسی عقیدہ کا انکار کفر ہے اسی طرح اس کی تاویل بھی کفر ہے۔ اور ایسے مقام پر عمدہ سے عمدہ اور خوبصورت سے خوبصورت تاویل بھی کفر سے نہیں بچا سکتی۔ حقیقت کو واضح کرنے کے لئے چند حوالے عرض کئے جاتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں

(۱)___ علامہ محقق الحافظ محمد بن ابراہیم الوزیر الیمانی رح (المتوفی ۸۴۰ھ) لکھتے ہیں۔

لان الکفر ھو جحد الضروریات من الدین او تأویلھا۔ — ضروریات دین کا انکار اور ان کی تاویل کفر ہے۔

(ایثار الحق علی الخلق ص۴۱۲)

اور نیز تحریر فرماتے ہیں کہ:

مذهب الاكثرين من الائمة وجماهير علماء الامة وهو التفصيل والقول بان التأويل فى القطعيات لا يمنع الكفر	اکثر آئمہ اور جمہور علماء اُمت کے مذہب میں قول مفصل یہ ہے کہ قطعیات (اور ضروریات دین) میں تاویل کفر سے نہیں بچاتی۔

(اتحاف ج ۲ ص ۱۳)

(۲) — مشہور متکلم علامہ شمس الدین احمد بن موسیٰ الخیالیؒ (المتوفی ۸۷۰ھ) اور عبدالحکیم سیالکوٹیؒ (المتوفی ۱۰۶۷ھ) لکھتے والفظ لہٗ

التاويل فى ضروريات الدين لا يدفع الكفر (الخيالى ص ۱۴۲ مع حاشیہ فاضل سیالکوٹیؒ)	ضروریات دین میں تاویل کفر سے نہیں بچاتی۔

(۱۳) — حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ!

ثم التأويل تاويلان تاويل لا يخالف قاطعاً من الكتاب والسنة واتفاق الامة وتأويل يصادم ما ثبت بالقاطع فذالك الزندقة (مسوی ج ۱ ص ۱۰۹)	تاویل کی دو قسمیں ہیں ایک تاویل وہ ہے جو کتاب وسنّت اور اتفاق امت کے قطعی دلائل کے مخالف نہ ہو اور دوسری تاویل وہ ہے جو اس چیز سے متصادم ہو جو قطعی طور پر ثابت ہے۔ ایسی تأویل زندقہ ہے

حافظ ابن الہمام محمدؒ بن عبدالواحد (المتوفی ۸۶۱ھ) لکھتے ہیں کہ!

الاتفاق على ان ما كان من اصول الدين وضرورياته	اس پر اتفاق ہے کہ اصولِ دین اور ضروریات دین کی جو شخص مخالفت کرتا ہے تو اس کی

یکفر المخالف فیہ (مسامرہ ج۲ ص۲۱۲ طبع مصر) — تکفیر کی جائے گی۔

اور علامہ ابن عابدین الشامیؒ (المتوفی ۱۲۵۲ھ) فرماتے ہیں کہ!

لاخلاف فی کفر المخالف فی ضروریات الاسلام وان کان من اهل القبلة المواظب طول عمره علی الطاعات کما فی شرح التحریر (رد المختار ج۳ ص۳۷۷)

حضرات فقہاء کرامؒ کا اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ جو شخص ضروریات اسلام کا منکر ہو وہ کافر ہے۔ اگرچہ وہ اہل قبلہ میں سے ہو اور اپنی ساری زندگی اس نے طاعات وعبادات میں گذار دی ہو۔

علامہ ابو البقاءؒ (المتوفی سنہ ھ) فرماتے ہیں کہ!

ولا نزاع فی اکفار منکر شئ من ضروریات الدین۔ (کلیات ابی البقاء ص۵۵۴)

جس شخص نے ضروریات دین میں سے کسی ایک چیز کا انکار کیا تو اس کی تکفیر میں کوئی نزاع نہیں ہے۔

اور حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ (المتوفی ۱۰۳۴ھ) فرماتے ہیں

ودر تکفیر آنہا جرأت نباید نمود تا زمانیکہ انکار ضروریات دینیہ نمایند و ردِ متواترات احکام شرعیہ نکنند الخ (مکتوبات امام ربانی ج۲ ص۳۵ وغیرہ ص۹۰)

اہل قبلہ کی تکفیر کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ان کی تکفیر میں جرأت نہیں کرنی چاہیئے۔ تاوقتیکہ وہ ضروریات دینیہ اور احکام شرعیہ کے متواترات کا انکار نہ کریں۔

اور حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں

اگر مخالف ادلۂ قطعیہ است یعنی نصوص متواترہ واجماع قطعی است او را کافر باید

اگر ادلۂ قطعیہ یعنی نصوص متواترہ اور اجماع قطعی کا مخالف ہو تو اسے کافر ہی

شمرداو (فتاوی عزیزی جلد ۱ صہ ۱۵۶) سمجھنا چاہیئے۔

ان تمام صاف اور صریح حوالوں سے یہ بات بالکل واضح ہوگئی۔ کہ جس طرح ضروریات دین میں سے کسی قطعی اور ثابت شدہ امر کا انکار کفر ہے۔ اسی طرح اس کی تاویل بھی کفر ہے۔ اور تاویل ایسے موؤں کو کفر سے نہیں بچاتی۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ وغیرہ بزرگوں کے حوالوں سے یہ بات بھی بالکل عیاں ہوگئی۔ کہ کتاب وسنت متواترہ اور اجماع امت سے جو چیز ثابت ہو۔ وہ قطعی اور ضروریات دین میں سے ہوتی ہے۔

اور بحمداللہ تعالیٰ مسئلہ ختم نبوت کتاب وسنت کے روشن دلائل اور اجماع امت سے ثابت ہے۔ بقدر ضرورت اسی پیش نظر مقالہ میں حوالے مذکور ہیں۔

مرزا غلام احمد قادیانی کا ایک | نعمت اللہ قادیانی کی افغانستان میں سنگساری

چیلہ نعمت اللہ قادیانی، غازی امان اللہ خان مرحوم شاہ افغانستان کے دور میں افغانستان میں قادیانیت کی تبلیغ کے لئے گیا۔ وہاں کے جید علماء کرام اور غیور مسلمانوں نے اُسے گرفتار کروایا اور اسلامی عدالت کی طرف سے اس کے سنگسار کرنے کا فیصلہ صادر ہوا۔ چنانچہ اس کو برسرِعام سنگسار کیا گیا۔ اور قادیانیت کے فتنہ بازوں کو پھر وہاں جانے کی جرأت ہی نہ ہوئی۔ اور وہ علاقہ اس طرح قادیانیت کی نحوست سے محفوظ رہا۔
اس نعمت اللہ کے سنگسار کئے جانے پر مرزا غلام احمد قادیانی اور لاہوری پارٹی کے سربراہ مسٹر محمد علی لاہوری اور ان کے چیلوں نے ہندوستان میں خوب واویلا مچایا اور اخبارات و رسائل میں اس پر بڑی لے دے کی۔ اس دور میں حضرت مولانا شبیر احمد

صاحب عثمانیؒ (المتوفی ۱۳۶۹ھ بعمر ۶۴ سال ایک ماہ بارہ دن) نے علماء افغانستان کے فتویٰ کے درست ہونے اور نعمت اللہ کے ارتداد کی وجہ سے قتل کئے جانے کو قرآن کریم صحیح احادیث اور فقہاء ملت کے صریح فتوؤں سے جائز ثابت کیا۔ اور اس پر انہوں نے علمی رسالہ تصنیف فرمایا۔ جس کا نام الشہاب الرجم الخاطف المرتاب تجویز فرمایا۔

یہ رسالہ ۱۸؍ ربیع الاول ۱۳۴۳ھ میں تحریر کیا گیا۔ اس رسالہ کو سر ظفر اللہ خاں مرتد کی کوشش سے (جو بدقسمتی سے اس وقت پاکستان کا وزیر خارجہ تھا۔ اور اسی کی وجہ سے ابتداء میں پاکستان کے تعلقات حکومت افغانستان سے خاصے کشیدہ رہے۔ بلکہ خراب کئے گئے) پاکستان میں خلاف قانون قرار دے دیا گیا۔ حالانکہ حضرت مولانا عثمانیؒ پاکستان کے شیخ الاسلام تھے۔ مگر کچھ نہ کیا جا سکا۔ اور یہ رسالہ ضبط کر لیا گیا۔ اس رسالہ میں حضرت مولانا عثمانیؒ نے مرزا غلام احمد قادیانی کے صریح حوالوں سے اس کے ادعائے نبوت کا اور تمام اہلِ اسلام کے ہاں ختم نبوت کے قطعی عقیدہ کی مرزا قادیانی کی طرف سے بے جا اور باطل تاویلات اور تحریفات کا ذکر کر کے اس کا ملحد و زندیق ہونا اور قرآن و حدیث اور فقہ اسلامی سے مرتد کا واجب القتل ہونا ثابت کیا ہے۔

چنانچہ مولانا عثمانیؒ فرماتے ہیں۔

اس تمام تقریر سے یہ نتیجہ نکلا کہ مرزا غلام احمد قادیانی جس کی ختم نبوت کو رد کرنے والی تصریحات ہم نقل کر چکے ہیں۔ اسلام کے قطعی عقیدہ کو تسلیم نہ کرنے کی وجہ سے مرتد اور زندیق ہے۔ اور جو جماعت ان تصریحات پر مطلع ہو کر ان کو صادق سمجھتی

رہے۔ اور ان کی حمایت میں لڑتی رہے۔ وہ بھی یقیناً مرتد اور زندیق ہے۔ خواہ وہ قادیان میں سکونت رکھتی ہو یا لاہور میں۔ جب تک وہ ان تصریحات کے غلط اور باطل ہونے کا اعلان شائع نہ کرے گی۔ خدا کے عذاب سے خلاص پانے کی اس کے لئے کوئی سبیل نہیں بلفظہٖ (الشہاب صفحہ ۱ طبع دیوبند)

اس سے صاف طور پر واضح ہو گیا۔ کہ پاکستان کے شیخ الاسلام کے نزدیک مرزائیوں کی دونوں پارٹیاں قادیانی اور لاہوری مرتد اور زندیق ہیں اور قتل کے بارے وہ یہ حوالہ نقل کرتے ہیں کہ

وقد اتفق الائمۃ علیٰ ان من ارتد عن الاسلام وجب قتلہٗ وعلیٰ ان قتل الزندیق واجب وھو الذی یسرّ الکفر ویتظاھر بالاسلام۔	بلاشبہ تمام حضرات ائمہ کرامؒ کا اس پر اتفاق ہے کہ جو شخص اسلام سے پھر جائے اس کا قتل کرنا واجب ہے۔ اور اس پر بھی اُن کا اجماع ہے۔ کہ زندیق کا قتل کرنا بھی واجب ہے اور وہ ایسا شخص ہے جو کفر کو چھپاتا اور اسلام کا اظہار کرتا ہے۔
(المیزان الکبریٰ ج ۲ ص ۱۶۵ لعبدالوہاب شعرانیؒ)	

مرتد کی سزا

اسلام میں غیر مسلموں کے لئے تبلیغ و ترغیب تو ہے۔ لیکن لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّین کے قاعدہ کے مطابق جبراً کسی کو مسلمان نہیں بنایا جا سکتا۔ لیکن اگر کوئی مسلمان ہے۔ اور وہ بدبخت اسلام سے پھر کر مرتد ہو جائے (العیاذ باللہ تعالیٰ) تو وہ خدا تعالیٰ اور حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا باغی ہے۔ جب دنیا کی کسی حکومت میں باغی کسی رعایت کا مستحق نہیں بلکہ تختۂ دار پر لٹکائے جانے کے قابل ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کے باغی کے لئے رعائت

کی گنجائش کیسے؟ بلکہ اگر قتل سے کوئی زیادہ سزا ہوتی تو وہ اس کا بھی مستحق ہے
مُرتد کا قتل کرنا قرآن وحدیث اور اجماع اُمّت سے ثابت ہے۔

قرآن کریم اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم بنی اسرائیل کے بعض لوگوں کا ذکر فرمایا ہے۔ کہ انہوں نے بچھڑے کی عبادت کر کے ارتداد اختیار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے

فَتُوْبُوْا اِلٰی بَارِئِکُمْ فَاقْتُلُوْا اَنْفُسَکُمْ (پ ۱، البقرہ رکوع ۶)
سو اب توبہ کرو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف اور مار ڈالو اپنی اپنی جان

اس آیت کریمہ کی تفسیر میں اکثر تفاسیر میں لکھا ہے۔ کہ جن لوگوں نے گئوسالہ پرستی کی تھی اور جو مرتد ہو گئے تھے۔ ان کو ان لوگوں کے ہاتھوں سے اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق قتل کرایا گیا۔ جنہوں نے بچھڑے کی پوجا نہیں کی تھی۔ اور ان لوگوں کے واقعہ کو بیان فرما کر اللہ تعالیٰ دوسرے مقام پر ارشاد فرماتا ہے۔

وَکَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُفْتَرِیْنَ ٥ (پ ۹۔ الاعراف رکوع ۹)
اور یہی سزا دیتے ہیں ہم بہتان باندھنے والے کو۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانیؒ اس آیت کریمہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ کہ اس سے معلوم ہوا کہ مرتد کی سزا دنیا میں قتل ہے۔ بلفظہٖ اور الشہاب میں انہوں نے اس پر مفصّل بحث کی ہے۔

ایک شُبہ اور اس کا ازالہ ممکن ہے کسی کو یہ شُبہ ہو۔ کہ قتل مرتدین کا یہ فیصلہ تو حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی شریعت کا حکم تھا اور ہماری شریعت اس کے علاوہ ہے۔ تو جواب یہ ہے

کہ اوّلاً تو ہمارا استدلال صرف فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَکُمْ کے جملہ سے ہی نہیں ہے تاکہ یہ سمجھا جائے کہ یہ حکم بنی اسرائیل کے ساتھ مختص تھا۔ جو اس کے مخاطب تھے بلکہ وَکَذٰلِكَ نَجْزِی المفترین کے جملہ سے بھی ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے مرتدین کے بارے اپنی عادت جاری بیان فرمائی ہے۔ کہ مرتدوں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں یا دیں گے۔ کیونکہ نَجْزِیْ مضارع کا صیغہ ہے۔ جس میں حال اور استقبال کا معنیٰ پایا جاتا ہے۔ تو اس میں اللہ تعالےٰ نے مرتدوں کی سزا کے بارے میں اپنی عادتِ جاریہ کا ذکر فرمایا ہے جو واضح ہے۔ (ثانیاً) اصول فقہ کی کتابوں میں تصریح موجود ہے کہ!

و شرائع من قبلنا تلزمنا اذا قص اللہ و رسولہ من غیر نکیر الخ (نور الانوار صفحہ ۲۱۶)	ہم سے پہلے کی شریعتوں کے احکام جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے بیان کئے ہوں اور ان پر نکیر نہ کی ہو تو وہ ہم پر بھی لازم ہیں۔

اور قتل مرتد کی اللہ تعالیٰ نے وَکَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُفْتَرِیْنَ میں تائید کی ہے نہ کہ تردید اور اسی طرح آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح احادیث قتل مرتد کی تائید کرتی ہیں۔ نہ کہ نکیر و تردید تو قرآن کریم کی نصِ قطعی سے مرتد کی سزا قتل ثابت ہوئی۔ جس میں کسی قسم کا کوئی شبہ تردّد نہیں ہے۔ البتہ لَاتُسْلِمُہٗ کا دنیا میں کوئی علاج نہیں ہے۔

مسلمانوں کو منکروں کے انکار کو خاطر میں نہیں لانا چاہیئے۔ اور حق کے میدان میں بلا خطر چلنا چاہیئے۔ ؎

میدان میں گرجتا ہوا شیروں کی طرح چل   تو شیر ہے دشمن کے کلیجے کو ہلا دے

احادیث ① حضرت عکرمہؒ (المتوفی ۱۰۵ھ) سے روایت ہے کہ:

ان علیاً احرق قوماً فبلغ ابن عباسؓ فقال لو کنت انا لم احرقهم لان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لا تعذبوا بعذاب اللہ ولقتلتهم کما قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من بدّل دینہ فاقتلوہ۔ (بخاری ج۱ ص۴۲۳ و ج۲ ص۱۰۲۳ وترمذی ج۲ ص۱۵۱ وفیہ فبلغ ذالک علیاً فقال صدق ابن عباسؓ وقال هذا حدیث حسن صحیح وابوداؤد ج۲ ص۲۴۲ ونسائی ج۲ ص۱۵۱ ومشکوٰۃ ج۲ ص۳۰۷ وسنن الکبریٰ ج۸ ص۱۹۵)

حضرت علیؓ نے کچھ لوگوں کو آگ میں جلا دیا۔ یہ خبر جب حضرت ابن عباسؓ کو پہنچی۔ تو انہوں نے فرمایا۔ کہ اگر میں ہوتا تو ان کو آگ میں نہ جلاتا کیونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب (آگ) سے کسی کو سزا نہ دو، بلکہ میں ان کو قتل کر دیتا۔ جیسا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ جس نے اپنا دین (اسلام) بدل دیا۔ تو اس کو قتل کر دو، ترمذی شریف کی روایت میں ہے کہ حضرت ابن عباسؓ کی یہ بات حضرت علی کو پہنچی۔ تو انہوں نے فرمایا کہ حضرت ابن عباسؓ نے سچ کہا ہے۔

اور حضرت ابن عباسؓ کی ایک روایت یوں ہے۔

عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من بدّل دینہ فاقتلوہ (ابن ماجہ ص۱۸۵ واللفظ لہ ومسند احمد ج۱ ص۲۱۷ ومسند حمیدی ج۱ ص۲۴۴ وسنن الکبریٰ ج۸ ص۱۹۵ ومشکوٰۃ ج۲ ص۳۰۷ والجامع الصغیر ج۲ ص۱۶۸ وقال صحیح وسراج المنیر ج۳ ص۲۴۱)

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جس نے اپنا دین (اسلام) بدل دیا۔ تو اسے قتل کر دو۔

اس صحیح حدیث سے مرتد کا قتل بالکل آشکارا ہے۔ جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آنجہانی مسٹر غلام احمد پرویز کی طرح کسی کج فہم کو یہ شبہ ہو۔ کہ اس حدیث میں من بدل دینہ فاقتلوہ کے عمومی الفاظ سے اسلام سے پھر جانے والے مرتد کا قتل ثابت اور متعین نہیں ہوتا۔ کیونکہ من بدل دینہ میں الفاظ عام ہیں۔ مثلاً یہودی کا عیسائی ہوجانا یا عیسائی کا ہندو یا سکھ ہوجانا یا ہندو کا عیسائی اور یہودی وغیرہ ہوجانا وغیر ذالك۔ تو اس سے اسلام سے پھر کر مرتد ہونے والے کا قتل کیسے متعین ہوا؟

الجواب یہ شبہ نہایت ہی سطحی ذہن کی پیداوار ہے۔ جس کی کوئی قدر و منزلت ہی نہیں ہے (اولاً) تو اس لئے کہ اسی حدیث میں یہ الفاظ موجود ہیں کہ

ان علیاً احرق ناساً ارتدوا عن الاسلام — حضرت علیؓ نے ان لوگوں کو آگ میں جلایا تھا۔

الحدیث (ابوداؤد ص۲۴۲ ج۲ و ترمذی ص۱۷۶ ج۱ و نسائی ص۱۵۱ ج۲) — جو اسلام سے پھر گئے تھے۔

اس سے بالکل واضح ہوگیا۔ کہ یہ کاروائی ان لوگوں کے بارے میں ہوئی۔ جو اسلام کو چھوڑ کر مرتد ہوگئے تھے۔ وہ لوگ اسلام سے بایں طور پھرے کہ پہلے مسلمان تھے، پھر مرتد ہوگئے۔ یا پہلے منافقانہ طور پر انہوں نے اسلام کا اظہار کیا۔ پھر کھلے طور پر کفر کی طرف پھر گئے۔ کوئی بھی معنیٰ لیا جائے۔ یہ صحیح روایت اسلام سے پھر کر مرتد ہونے والوں کے قتل کئے جانے پر نص ہے۔ اور حضرت علیؓ اور حضرت ابن عباسؓ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد من بدل دینہ فاقتلوہ سے یہی سمجھے ہیں۔ کہ دین اسلام سے پھر جانے والے کا یہ حکم ہے۔ اور حقیقت بھی یہی ہے۔ کہ یہ حدیث مرتد عن الاسلام کے قتل کے متعلق ہے کہ ہندو سے عیسائی اور عیسائی سے یہودی وغیرہ ہوجانے

کے بارے میں۔ وثانیاً. اس لئے کہ حضرت ابن عباسؓ ہی سے روایت ہے۔

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من جحد آیۃ من القرآن فقد حل ضرب عنقہ الحدیث (ابن ماجہ ص۱۸۵)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے قرآن کریم کی کسی آیت (یا اس سے مطلوب معنیٰ کا، صفدر) انکار کیا تو بلاشک اس کی گردن اڑا دینا حلال اور جائز ہے۔

(۱) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص پورے قرآن کریم کو مانتا ہے۔ مگر اس کی کسی ایک آیت (یا اس کے مقصود معنیٰ) کا انکار کرتا ہے تو وہ مرتد اور قابلِ قتل ہے۔ اس سے واضح ہوا کہ حدیث من بدّل دینہٗ فاقتلوہ۔ اسلام سے پھر جانے والے کے بارے میں ہے نہ کہ کسی کافر کے اپنا دین چھوڑ کر کفر کے کسی اور دین کو اختیار کر لینے والے کے بارے میں!

(۲) حضرت ابوموسیٰ الاشعریؓ (عبداللہ بن قیس المتوفی ۴۴ھ) کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یمن کے ایک صوبے کا گورنر بنا کر بھیجا۔ جب کہ حضرت معاذ بن جبل کو اُن کے بعد دوسرے صوبے کا گورنر بنا کر بھیجا۔ حضرت معاذؓ حضرت ابوموسیٰ کی ملاقات کے لئے گئے۔ حضرت ابوموسیٰؓ نے اکرام ضیف کی مد میں حضرت معاذؓ کے لئے تکیہ ڈالا۔ اور حضرت معاذؓ ابھی تک سوار تھے۔

واذا رجل عندہ موثق قال ما ھذا قال کان یھودیا فاسلم ثم تھوّد قال اجلس قال لا اجلس حتی یقتل قضاء اللہ ورسولہ

تو انہوں نے حضرت ابوموسیٰؓ کے پاس ایک شخص باندھا ہوا دیکھا، پوچھا کہ یہ کون ہے؟ حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا کہ یہ پہلے یہودی تھا۔ پھر مسلمان ہوا۔ اس کے بعد پھر

ثلاث مرات فامر به فقتل (بخاری ج ۲ ص ۱۰۲۳ ومختصر ج ص ۱۰۵۹ ومسلم ج ۲ ص ۱۲۱ وسنن الکبریٰ ج ۸ ص ۲۰۵

یہودی ہوگیا۔ فرمایا اے معاذؓ بیٹھ جاؤ۔ حضرت معاذؓ نے فرمایا۔ کہ جب تک اس کو قتل نہیں کیا جائے گا۔ میں نہیں بیٹھوں گا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا یہی فیصلہ ہے۔ تین دفعہ انہوں نے یہ فرمایا۔ پھر اس مرتد کے بارے میں قتل کا حکم دیا گیا اور وہ قتل کر دیا گیا۔

اور بخاری شریف میں دوسرے مقام پر روایت یوں ہے کہ

فسار معاذ فی ارضه قریبا من صاحبه ابی موسیٰ فجاء یسیر علیٰ بغلته حتیٰ انتهیٰ الیه واذ هو جالس وقد اجتمع الیه الناس واذا رجل عنده قد جمعت یداه الی عنقه فقال له معاذ یا عبد الله بن قیس ایّم هذا قال هذا رجل کفر بعد اسلامه قال لا انزل حتیٰ یقتل قال انما جیئ به لذالك فانزل قال ما انزل حتیٰ یقتل فامر به فقتل ثم نزل (بخاری ج ۲ ص ۱۰۲۴)

حضرت معاذؓ اپنے علاقہ کی زمین میں اپنے ساتھی حضرت ابو موسیٰؓ کے قریب پہنچے۔ تو وہ خچر پر سوار تھے اور حضرت ابو موسیٰؓ بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے پاس لوگ جمع تھے۔ اور ان کے پاس ایک شخص کی مشکیں کسی ہوئی تھیں حضرت معاذؓ نے فرمایا اے عبد اللہ بن قیس یہ کون ہے؟ فرمایا کہ یہ شخص اسلام لانے کے بعد کافر ہو گیا ہے۔ حضرت معاذؓ نے فرمایا کہ میں اس وقت تک نہیں اتروں گا۔ جب تک کہ اس کو قتل نہ کیا جائے۔ حضرت ابو موسیٰ نے کہا اس کو اسی لئے تو لایا گیا ہے۔ آپ اتریں فرمایا جب تک اس کو قتل نہ کیا جائے گا میں نہیں

اتروں گا۔ اس کو قتل کیا گیا تو وہ اترے۔

(۳) حضرت عثمانؓ بن عفان (المتوفیٰ ۳۵ھ) سے روایت ہے۔

قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول لا یحل دم امرأٍ مسلم الا بثلاث ان یزنی بعد ما احصن او یقتل انسانًا او یکفر بعد اسلامہٖ فیقتل۔ (نسائی ج۲ ص۱۵ وابوداؤد الطیالسی ص۱۳ ومسند احمد ج۱ ص۶۲ وسنن الکبریٰ ج۸ ص۱۹۴)

وہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپؐ نے فرمایا۔ کہ کسی مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں ہے۔ مگر تین چیزوں سے یہ کہ شادی کے بعد کوئی زنا کرے یا کسی انسان کو قتل کر دے یا اسلام کے بعد کفر اختیار کرے۔ تو اس کو قتل کیا جائے گا۔

اور یہ روایت ابن ماجہ میں بھی ہے۔ اور اس میں الفاظ یہ ہیں۔

او رجل ارتد بعد اسلامہٖ (ابن ماجہ ص۱۸۵)

یا وہ شخص جو اسلام کے بعد مرتد ہو جائے۔

(۴) حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں۔ کہ!

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یحل دم رجل مسلم یشہد ان لا الٰہ الا اللہ وانی رسول اللہ الا باحدیٰ ثلاث الثیب الزانی والنفس بالنفس والتارك لدینہ المفارق للجماعۃ (بخاری ج۲ ص۱۰۱۶)

جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی مسلمان کا جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی معبود نہیں اور اس کی کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ خون بہانا جائز نہیں۔ مگر تین چیزوں میں سے کسی ایک کے ارتکاب سے ۱۔ شادی شدہ ہونے

ج۲ ص۵۹ وابوداؤد ج۲ ص۲۴۲ وابن ماجہ ص۱۸۵ ومسند احمد ج۱ ص۳۸۲ وسنن الکبریٰ ج۸ ص۱۹۴ وجلد ۸ ص۲۰۲

کے بعد زنا کرے ۲ یا کسی کو قتل کردے تو اس کو قصاص میں قتل کیا جائے گا ۳ یا اپنے دین (اسلام) کو چھوڑ کر ملت سے جدا ہو جائے تو قتل کیا جائے گا۔

اس صحیح اور صریح حدیث میں اس کی وضاحت ہے کہ دین سے دین اسلام مراد ہے۔ کہ جو مسلمان اپنے دین اسلام سے پھر کر مرتد ہو جائے۔ تو وہ قابل گردن زنی ہے۔ اور اس جرم کی وجہ سے اُسے قتل کیا جائے گا۔

⑤ حضرت عائشہؓ (المتوفاۃ ۵۸ھ) سے روایت ہے۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ارتد عن دینہ فاقتلوہ (مصنف عبدالرزاق ج۱۰ ص۱۶۴)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنے دین (اسلام) سے پھر گیا۔ تو اُسے قتل کردو۔

⑥ مشہور تابعی حضرت ابوقلابہؒ (عبداللہ بن زید الجرمیؒ المتوفیٰ ۱۰۴ھ) نے خلیفہ راشد حضرت عمرؒ بن عبدالعزیزؒ (المتوفیٰ ۱۰۱ھ) کی بھری ہوئی عدالتی اور علمی مجلس میں یہ حدیث بیان فرمائی۔

واللہ ما قتل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احداً قط الا فی ثلاث رجل قتل بجریرۃ نفسہ فقتل او رجل زنی بعد احصان او رجل حارب اللہ و

بخدا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی بھی کسی کو قتل نہیں کیا۔ مگر تین جرائم میں وہ شخص ۱ جو ناحق کسی کو قتل کرتا۔ تو اُسے قصاص میں قتل کرتے یا ۲ شادی کے بعد زنا کرتا ہے تو اُسے قتل کرتے یا ۳ اسلام سے پھر کر مرتد ہو جاتا

رسولہٗ وارتدعن الاسلام الحدیث   تو اُسے قتل کرنے۔

(بخاری ج ۲ ص ۱۰۱۹)

ایسی صحیح اور صریح احادیث کی موجودگی میں یہ موشگافیاں کہ یہ احادیث اسلام سے پھر کر مرتد ہو جانے والے کے بارے میں نہیں یا یہ احادیث ضعیف ہیں یا یہ احادیث کلمہ گو کے قتل سے خاموش ہیں۔ یا یہ صرف ان لوگوں کے بارے میں ہیں۔ جو اسلام سے خارج ہو کر کھلے طور پر علانیہ کافر ہو جائیں وغیرہ! وغیرہ! کسی مسلمان کا کام نہیں ہو سکتا۔ یہ کاروائی صرف وہی کر سکتا ہے جو ملحد و زندیق ہو۔

حضرات آئمہ دین

جس طرح قرآن وحدیث اور دین اسلام کی باریکیوں کو حضرات آئمہ دین سمجھتے ہیں۔ ایسا کوئی اور نہیں سمجھ سکتا۔ اور ان میں سے بھی علی الخصوص حضرات آئمہ اربعہؒ جن کے مذاہب مشہور اور متداول اور امت مسلمہ میں قابل اعتماد ہیں۔ اور آج کل کے مادر پدر آزاد دور میں ملاحدہ اور زنادقہ کو جو اسلام کے مدعی تو ہیں۔ مگر اسلام کی سمجھ ہی ان کو نہیں۔ اور نہ وہ اس کی روح سے واقف ہیں۔ وہ صرف اپنی نارسا عقل وخرد پر نازاں و فرحاں ہیں۔ اور اسی کو وہ حرف آخر سمجھتے ہیں۔ اور حضرات سلفؒ پر طعن کرتے ہیں۔ حضرت امام مالکؒ (المتوفی ۱۷۹ھ) اس حدیث پر یہ باب قائم کرتے ہیں۔

القضاء فیمن ارتد عن الاسلام مالک	اس شخص کے بارے فیصلہ جو اسلام سے
عن زید بن اسلم ان رسول اللہ صلی	پھر جائے۔ امام مالکؒ حضرت زیدؒ بن اسلمؒ
تعالیٰ علیہ وسلم قال من غیر دینہٗ	سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آنحضرت صلی اللہ
فضربوا عنقہٗ قال مالک ومعنی	تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے اپنا

قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
فیما نریٰ واللہ تعالیٰ اعلم من غیر
دینہٗ فاضربوا عنقہٗ انہٗ من خرج
من الاسلام الیٰ غیرہ مثل الزنادقۃ
واشباعہم فان اُولئک اذا ظہر علیہم
قتلوا ولم یُستتابوا لانہ لا یعرف
توبتہم وانہم یُسرون الکفر
ویعلنون الاسلام فلا اُریٰ ان
یستتاب ھٰؤلاءِ ولا یقبل منہم
قولہم واما من خرج من
الاسلام الیٰ غیرہٖ واظہر ذالک
فانہ یستتاب فان تاب والا قتل
ذلک لو اَن قومًا کانوا علیٰ ذٰلک
رایت ان یدعوا الی الاسلام
ویستتابوا فان تابوا قبل ذلک
منہم وان لم یتوبوا قتلوا
ولم یعن بذٰلک فیما نریٰ واللہ
اعلم من خرج من الیہودیۃ الی
النصرانیۃ ولا من النصرانیۃ الی

دین بدل دیا۔ تو تم اس کی گردن اڑا دو۔ حضرت
امام مالکؒ فرماتے ہیں۔ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم کے اس ارشاد کا ہماری دانست میں
معنیٰ یہ ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔
کہ جو شخص اسلام سے نکل کر زنادقہ وغیرہم میں
جاملا۔ ایسے زنادقہ پر جب مسلمانوں کا غلبہ ہو
جائے۔ تو ان سے توبہ طلب کئے بغیر ان کو قتل
کیا جائے۔ کیونکہ زنادقہ کی توبہ معلوم نہیں ہوسکتی
کیونکہ وہ کفر کو چھپاتے اور اسلام کو ظاہر کرتے
ہیں۔ اور ہماری دانست کے مطابق نہ تو ان سے
توبہ طلب کی جائے اور نہ توبہ قبول کی جائے۔
باقی رہے وہ لوگ جو اسلام سے کفر کی طرف نکلے
اور کفر کو ظاہر کیا۔ تو ان پر توبہ پیش کی جائے گی
اور اگر وہ توبہ کرلیں۔ تو فبہا ورنہ ان کو قتل کیا
جائے گا۔ یعنی اگر کوئی قوم اسلام سے برگشتہ
ہوکر کفر کا اظہار کرتی ہے۔ تو اس سے توبہ کرنے
کا کہا جائے گا۔ اگر توبہ کی تو قبول کرلی جائے
گی ورنہ اس کو قتل کر دیا جائے گا۔ اور اس
حدیث کا مطلب ہماری دانست میں یہ نہیں

اليهودية ولا من بغير دينه من اهل الاديان كلها الا الاسلام فمن خرج من الاسلام الى غيره واظهر ذٰلك فذالك الذى عنى به والله اعلم

(مؤطا امام مالکؒ ص۲۰۸ طبع مجتبائی دہلی)

اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ کوئی شخص یہودیت سے نصرانیت کی طرف یا نصرانیت سے یہودیت یا اسلام کے بغیر کسی اور دین کی طرف پھر جائے تو اس کے متعلق یہ حدیث نہ ہے بلکہ یہ حدیث صرف اس کے بارے میں ہے۔ جو اسلام کو ترک کر کے کفر کو اختیار کرے اور اُسے ظاہر کرے

حضرت امام مالکؒ من بدل دینہٗ اور من غیّر دینہٗ کا یہی مطلب لیتے ہیں۔ کہ جو کوئی شخص دین اسلام سے پھر کر کفر کی طرف چلا جائے اور زندیق تو ایسا واجب القتل ہے۔ کہ نہ تو اس سے توبہ کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے اور نہ اس کی توبہ کا کوئی اعتبار ہے۔ وہ بہر حال اور بہر کیف واجب القتل ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہؒ نعمان بن ثابتؒ (المتوفیٰ ۱۵۰ھ) امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ الطحاوی الحنفیؒ (المتوفیٰ ۳۲۱ھ) فرماتے ہیں کہ:

وقد تكلم الناس فى المرتد عن الاسلام أيستتاب ام لا فقال قوم ان استتاب الامام المرتد فهو احسن فان تاب والا قتل وممن قال ذلك ابوحنيفة وابويوسف ومحمد رحمة الله عليهم وقال آخرون لا يستتاب وجعلوا حكمه كحكم الحربيين

لوگوں نے اسلام سے نکل کر مرتد ہو جانیوالے کے بارے میں بحث کی ہے۔ کہ کیا اس سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا؟ یا نہیں؟ علماء کی ایک قوم کہتی ہے۔ کہ اگر حاکم مرتد سے توبہ کرنے کا مطالبہ کرے تو اچھا ہے۔ توبہ نہ کرے تو قتل کر دیا جائے حضرت امام ابوحنیفہؒ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ تعالیٰ کا یہی قول ہے۔ اور دوسرے

على ما ذكرنا من بلوغ الدعوة اياهم
ومن تقصيرها عنهم وقالوا انما يجب
الاستتابة لمن خرج الاسلام لا
عن بصيرةٍ منه به فاما من خرج
منه الى غيره على بصيرة فانه يقتل
ولا يستتاب وهذا قول قال به
ابو يوسف فى كتاب الاملاء قال
اقتله ولا استتيبه الا انه ان
بدرنى بالتوبة خليت سبيله و
وكلت امره الى الله تعالىٰ.
(طحاوی ج۲ ص۱۱۱ کتاب السیر)

حضرات فرماتے ہیں۔ کہ مرتد سے توبہ کا مطالبہ نہ
کیا جائے جیسا کہ دار الحرب کے کفار کو جب دعوت
اسلام پہنچ جائے۔ تو پھر ان کو اسلام کی
ضرورت نہیں نہ پہنچی ہو تو دعوت دی جائے۔ اور
فرماتے ہیں کہ توبہ کا مطالبہ اس وقت واجب ہے
جب کہ کوئی شخص اسلام سے بے سمجھی کی وجہ سے
کفر کی طرف چلا جائے۔ رہا وہ شخص جو سوچے سمجھے
طریقہ پر اسلام سے کفر کی طرف چلا جائے۔ تو اُسے
قتل کیا جائے اور اس سے توبہ کا مطالبہ نہ کیا جائے
امام ابو یوسفؒ نے کتاب الاملا میں ایسا ہی فرمایا
ہے کہ میں اُسے قتل کردوں گا۔ اور اس سے توبہ
کا مطالبہ نہیں کروں گا۔ ہاں اگر وہ میرے اقدام
سے پہلے ہی توبہ کرلے تو میں اسے چھوڑ دوں گا
اور اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کردوں گا۔

حضرت امام شافعیؒ (محمدؒ بن ادریسؒ المتوفی ۲۰۴ھ) تحریر فرماتے ہیں کہ:

ولم يختلف المسلمون انه
لا يحل ان يفادى بمرتد ولا
يمن عليه ولا تؤخذ منه فدية
ولا يترك بحال حتى يسلم او

مسلمانوں میں کسی کا اس بارے کبھی اختلاف
نہیں ہوا بلکہ سب کا اتفاق ہے۔ کہ مرتد کا فدیہ
میں دینا جائز نہیں اور نہ اس پر احسان کیا جائے
اور اس سے فدیہ لیا جائے اور اس کو ارتداد پر بھی

یقتل واللہ اعلم
(کتاب الام ج۶ ص۱۵۲)

نہیں چھوڑا جا سکتا۔ یہاں تک کہ وہ مسلمان ہو جائے یا قتل کیا جائے۔

حضرت امام شافعیؒ کا یہ حوالہ قتل مرتد کے بارے بالکل واضح ہے۔

حضرت امام محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن نووی الشافعیؒ (المتوفی ۶۷۶ھ) لکھتے ہیں کہ

وقد اجمعوا علی قتلہ لکن اختلفوا فی استتابتہ ھل ھی واجبۃ ام مستحبۃ اھ (نووی شرح مسلم ج۲ ص۲۲)

تمام اہل اسلام کا قتل مرتد پر اجماع ہے ہاں اس میں اختلاف ہے۔ کہ مرتد پر توبہ پیش کرنا واجب ہے یا مستحب؟

بعض آئمہ کرامؒ مرتد پر توبہ پیش کرنا واجب کہتے ہیں اور بعض مستحب کہتے ہیں۔

چنانچہ علامہ علاؤ الدین بن علی بن عثمان المار دینیؒ (المتوفی ۷۴۵ھ) فرماتے ہیں۔ کہ

وقال صاحب الاستذکار لا اعلم بین الصحابۃ خلافاً فی استتابۃ المرتد فکانہم فھموا من قولہ علیہ السلام من بدل دینہ فاقتلوہ ای بعد ان یُستَتَاب۔ (الجوہر النقی ج۸ ص۲۰۵)

مصنف الستذکار (شرح مؤطا امام مالک امام ابو عمر بن عبد البرؒ المتوفی ۴۶۳ھ) فرماتے ہیں کہ مرتد پر توبہ پیش کرنے کے بارے میں مجھے حضرات صحابہ کرامؓ میں کوئی اختلاف معلوم نہیں ہے پس گویا کہ حضرات صحابہ کرامؓ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد مَنْ بَدَّلَ دِیْنَہٗ فَاقْتُلُوْہُ سے یہی سمجھے ہیں کہ توبہ پیش کرنے کے بعد مرتد کو قتل کرنا چاہیے۔

علامہ ابو عمر یوسف بن عبد البر المالکیؒ (المتوفی ۴۶۳ھ) لکھتے ہیں کہ

قال مالکؒ واصحابہ یقتل الزنادقۃ

امام مالکؒ اور ان کے مقلدین فرماتے ہیں کہ

ولا يُستتابون الخ
(التمہید ج ۱۰ ص ۱۲۵)

زندیقوں کو بلا ان سے توبہ طلب کئے قتل کیا جائے۔

نیز فرماتے ہیں کہ

واختلف قول ابی حنیفۃؒ وابی یوسفؒ فی الزندیق فقال مرۃ یستتاب ومرۃ فلا یُستتاب ویقتل دون استتابۃٍ الیٰ قولہٖ وقال الشافعیؒ یستتاب الزندیق کما یستتاب المرتد ظاھراً فان لم یتب قُتِلَ اھ
(ج ۱۰ ص ۱۶۶)

امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے اقوال مختلف ہیں ایک قول ان کا یہ ہے کہ زندیق سے توبہ طلب کی جائے اور دوسرا قول ان کا یہ ہے کہ زندیق سے توبہ طلب کئے بغیر اسے قتل کیا جائے (پھر آگے فرمایا) اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ زندیق سے توبہ طلب کی جائے جیسا کہ کھلے مُرتد سے توبہ طلب کی جاتی ہے توبہ نہ کرے تو قتل کر دیا جائے۔

علامہ عزیزیؒ فرماتے ہیں۔

فاقتلوہُ بعد استتابۃ وجوباً قال المناویؒ وعمومہٗ یشمل الرجل وھوا جماع المرأۃ وعلیہ الائمۃ الثلاثۃ خلافاً للحنفیۃ اھ
(السراج المنیر ج ۳ ص ۲۴۴)

فاقتلُوہ کا مطلب یہ ہے کہ مرتد سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے اس کے بعد اس کا قتل کرنا واجب ہے۔ امام عبدالرؤف مناویؒ فرماتے ہیں کہ الفاظ کا عموم مرد اور عورت دونوں کو شامل ہے مرتد مرد کے قتل کرنے پر تو اجماع ہے اور مرتد عورت کے قتل کرنے پر تین اماموں کا اتفاق ہے۔ احناف اختلاف کرتے ہیں۔

اس سے بھی واضح ہوگیا کہ توبہ پیش کرنے کے بعد مرتد کے اسلام سے انکار کرنے پر اس کا قتل واجب ہے مرد مرتد کے قتل پر تمام حضرات آئمہ کرامؒ کا اجماع ہے عورت کے مرتدہ کے بارے حضرات آئمہ ثلاثہؒ کا یہی مسلک ہے البتہ احناف یہ کہتے ہیں کہ اس کو قتل نہ کیا جائے۔ کیونکہ صنفِ نازک ہونے کی وجہ سے عموماً وہ لڑائی اور جھگڑا نہیں کرتی۔

قاضی محمد بن علی الشوکانیؒ (المتوفی سنہ ١٢٥٠ھ) فرماتے ہیں کہ

وخصہ الحنفیۃ بالذکر تمسکوا بحدیث النھی عن قتل النسآء (نیل الاوطار ج ٧ ص ٢٠٣)

احناف نے اس حدیث کو (ضمیر مذکر کے پیش نظر) مرد کے ساتھ مخصوص کیا ہے اور اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔ جس میں عورتوں کے قتل کرنے کی نہی وارد ہوئی ہے

ہاں اگر کوئی عورت لڑائی پر اتر آئے اور ارتداد کو پھیلانے کی سعی کرے تو اس کا معاملہ الگ اور جُدا ہے۔

حضرت امام احمد بن حنبلؒ (المتوفی سنہ ٢٤١ھ) کا مسلک امام موفق الدین ابن قدامہ الحنبلیؒ (المتوفی سنہ ٦٢٠ھ) یہ نقل کرتے ہیں۔

الفصل الثالث انہ لا یقتل حتّٰی یستتاب عند اکثر اھل العلم منھم عمر وعلی وعطاء ونخعی ومالک والثوری والاوزاعی واسحاق واصحاب الرأی وھو احد قولی الشافعی وروی عن احمد روایۃ

تیسری فصل اکثر اہل علم یہ کہتے ہیں۔ کہ مرتد کو اس پر توبہ پیش کئے بغیر نہ قتل کیا جائے۔ جن میں حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عطاءؒ، امام نخعیؒ، امام مالکؒ، امام ثوریؒ، امام اوزاعیؒ، امام اسحاقؒ اور فقہاء احنافؒ شامل ہیں اور حضرت امام شافعیؒ کا بھی ایک قول یہی ہے اور حضرت امام احمدؒ سے ایک دوسری روایت

اُخریٰ انه لا تجب استتابته لکن تستحب وهذا القول الثانی للشافعی وهو قول عبید بن عمیر وطاؤس ویروی ذالك عن الحسن لقول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من بدّل دینه فاقتلوه ولم یذکر استتابة اھ (مغنی ج ۸ ص۱۲۴)

میں ہے کہ مرتد سے توبہ کا مطالبہ واجب نہیں ہے لیکن مستحب ہے اور امام شافعیؒ کا بھی ایک دوسرا قول ہے اور امام عبیدؒ بن عمیرؒ اور امام طاؤس کا بھی یہی قول ہے۔ اور حضرت حسن بصریؒ سے بھی یہ مروی ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنا دین (اسلام) بدل دے تو اسے قتل کر دو اور توبہ کا مطالبہ اس میں مذکور نہیں ہے۔

ان تمام صریح حوالوں سے مرتد کا قتل کرنا آفتاب نصف النہار کی طرح ثابت ہے۔ علامہ ابو محمد بن حزمؒ لکھتے ہیں کہ قتل مرتد کا معاملہ امت میں ایسا معروف و مشہور ہے کہ کوئی مسلمان شخص اس کے انکار پر قادر نہیں (المحلی ج ۸ ص۲۲۲) ان کے علاوہ بھی کتب فقہ و فتاویٰ میں قتل مرتد کی تصریح موجود ہے۔ مثلاً ہدایہ ج ۲ ص۶۰۰ فتح القدیر ج ۴ ص۳۸۶، شامی ج ۳ ص۲۹۴ اور بحرالرائق جلد ۵ ص۱۲۵ وغیرہ۔

علامہ علاؤ الدین ابوبکر بن مسعود کاسانیؒ (المتوفی ۵۷۸ھ) فرماتے ہیں کہ!

مرتد کے قتل کرنے پر حضرات صحابہ کرامؓ کا اجماع ہے۔ البتہ مستحب یہ ہے کہ مرتد کو تین دن تک بند رکھا جائے۔ اگر وہ اسلام قبول کرلے تو اچھا ہے ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے (بدائع الصنائع ج ۷ ص۱۳۴)

امام موفق الدین ابن قدامہؒ تحریر فرماتے ہیں کہ!

اجمع اهل العلم علیٰ وجوب قتل المرتد

اہلِ علم کا قتلِ مرتد پر اجماع ہے حضرت ابوبکرؓ حضرت

روی ذلك عن ابی بكرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ و معاذؓ و ابی موسیٰؓ وابن عباسؓ و خالدؓ وغیرھم ولم ینكر ذلك فكان اجماعاً۔ (مغنی ابن قدامہ ج ۸ ص۱۲۳)	حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت معاذؓ، حضرت ابوموسیٰ الاشعریؓ حضرت ابن عباس اور حضرت خالدؓ بن الولید وغیرہم سے یہی مروی ہے اور حضرات صحابہ کرامؓ کے دور میں اس کا کوئی انکار نہیں کیا گیا۔ تو یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

قارئین کرام! غور فرمائیں کہ جس مسئلہ پر قرآن کریم اور صحیح احادیث سے واضح دلائل موجود ہوں اور جس مسئلہ پر حضرات خلفاء راشدینؓ متفق ہوں اور جس مسئلہ پر حضرت معاذؓ اور حضرت ابوموسیٰ الاشعریؓ جیسی شخصیتیں متفق ہوں۔ جو اپنے دور میں گورنری کے عہدہ پر فائز تھیں اور جس مسئلہ پر حضرت ابن عباسؓ جیسے ترجمان القرآن اور حبر الامت متفق ہوں۔ اور جس مسئلہ پر حضرت خالدؓ بن الولید جیسے مجاہد اور فوج کے سپہ سالار متفق ہوں۔ اور جس مسئلہ پر بقیہ حضرات صحابہ کرامؓ میں کوئی ایک فرد بھی اس کے خلاف لب کشائی نہ کرتا ہو۔ اور جس مسئلہ پر حضرات آئمہ اربعہ اور جمہور آئمہ کرامؒ متفق ہوں اور جس مسئلہ کے خلاف کوئی مسلمان انکار کرنے پر قادر نہ ہوا ہو۔ تو اس مسئلہ کے حق اور ثابت ہونے میں کیا شک و شبہ ہو سکتا ہے۔

حضرت امام ابوعمرو عامرؒ بن شراحیل شعبیؒ (المتوفی ۱۰۹ھ) فرماتے ہیں کہ

كان العلم يؤخذ من ستة عمرؓ وعلیؓ و ابیؓ و ابن مسعودؓ و زیدؓ و ابی موسیٰؓ وقال ايضاً قضاة الامة اربعة عمرؓ و علیؓ زید و ابو موسیٰ	علم کا مرکز چھ حضرات تھے۔ حضرت عمرؓ حضرت علیؓ حضرت ابیؓ۔ حضرت ابن مسعودؓ، حضرت زیدؓ اور حضرت ابوموسیٰؓ اور نیز انہوں نے فرمایا کہ امت کے جج اور قاضی چار ہیں۔ حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ

رضی اللہ تعالیٰ عنہم (تذکرۃ الحفاظ ج۱ ص۲۳) حضرت زیدؓ بن ثابت اور حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ
یعنی یہ وہ حضرات ہیں جن سے علم دین اخذ کیا جاتا تھا۔ اور امت مسلمہ کے وہ مسلم قضاۃ و جج تھے اور حضرت صفوان بن سلیمؒ الامام المدنی الفقیہؒ المتوفی ۱۳۲ھ فرماتے ہیں کہ

لم یکن یفتی فی زمن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم غیر عمرؓ و علیؓ و معاذؓ و ابی موسیٰؓ (تذکرۃ الحفاظ ج۱ ص۲۳)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں ان چار حضرات کے بغیر اور کوئی فتویٰ نہیں دیتا تھا۔ وہ حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت معاذؓ اور حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ ہیں۔

آپ حضرات بخوبی اس مقالہ میں مرتد کے بارے ان حضرات کے فتوے اور فیصلے پڑھ چکے ہیں۔

اس مقالہ میں پیش کئے گئے واضح اور صریح حوالوں سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ مرزائیوں کی دونوں پارٹیاں قادیانی اور لاہوری اسلامی حکومت میں شرعاً واجب القتل ہیں۔ اگر کوئی اسلام سے پھر کر مرزائی ہوا ہو تو مرتد ہونے کی وجہ سے واجب القتل ہے، اور اگر کوئی نسلاً بعد نسلٍ مرزائی چلا آتا ہے۔ تو زندیق ہونے کی وجہ سے واجب القتل ہے اور یہی حکم ہے ہر اس گمراہ پارٹی یا فرد کا جو ضروریات دین میں سے کسی چیز کا منکر یا مؤول ہو ملاحظہ ہو شامی ج۳ ص۳۲۵۔ مگر یہ یاد رہے کہ کسی کو حداً یا تعزیراً قتل کرنا صرف اسلامی حکومت اور عدالت شرعیہ کا کام ہے۔ عوام کو قانون اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں ہے۔ وہ صرف وہی کام کرتے اور کر سکتے ہیں جس کا انہیں اختیار دیا گیا ہے اس کے علاوہ وہ مجبور ہیں ؎

میری مجبوریوں کو کون جانے
میں خود مختار ٹھہرایا گیا ہوں

پاکستان میں قادیانیوں کی تعداد

قادیانی فرقہ جس طرح آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد اجرائے نبوت۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات اور مرزا غلام احمد کو نبی یا مصلح اور مسیح موعود ماننے وغیرہ کے دعوؤں میں سراسر جھوٹا ہے۔ اسی طرح عوام النّاس کو بہکانے کی خاطر اپنی تعداد بھی بڑھا چڑھا کر بتلانے اور اس کا پروپیگنڈا کرنے میں بھی جھوٹا ہے۔ حقیقت اور نفس الامر اس کے بالکل خلاف ہے۔ ملک کے اندرونی حالات اور مردم شماری وغیرہ داخلی امور کی حقیقت کو جس طرح ملک کا وزیر اطلاعات ونشریات جانتا ہے۔ وہ کوئی اور نہیں جان سکتا۔ کیونکہ یہ باتیں اور اندرون ملک کے امور اس کے فرض منصبی میں شامل ہوتے ہیں۔ اور ان امور کے بارے اس کی رپورٹ حرف آخر سمجھی جاتی ہے۔

پاکستان کے سابق وزیر اطلاعات ونشریات کا بیان

اسلام آباد (اپ پ) ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق ملک میں قادیانیوں کی تعداد ایک لاکھ چار ہزار دو سو چوالیس ہے۔ یہ بات وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات راجہ محمد ظفر الحق صاحب نے آج مجلس شوریٰ میں ایک سوال کے جواب میں بتائی (بلفظہ اخبار جنگ لاہور صا کالم ۵ بدھ ۱۹ شوال ۱۴۰۴ھ، ۱۸ جولائی ۱۹۸۴ء)

اسلام آباد (پ۔پ) وفاقی وزیر خزانہ یٰسین وٹو نے ایوان کو ایک سوال پر بتایا کہ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق ملک میں عیسائیوں کی تعداد ۱۲ لاکھ ۱۰ ہزار ۲۶۴، ہندوؤں کی تعداد ۱۲ لاکھ ۷۶ ہزار ۱۱۱، پارسیوں کی تعداد ۲۰۷۰ اور قادیانیوں کی تعداد ایک لاکھ ۴ ہزار ۲۴۴ ہے۔ (اخبار جنگ لاہور ۲۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۸ھ)

۱۵ر جنوری ۱۹۸۸ء صدا کالم ما)

یہ تعداد پاکستان میں بسنے والے جملہ مرزائیوں کی ہے۔ جو ربوہ وغیرہ ملک کے دیگر اطراف اور علاقوں میں رہتے ہیں۔ بعض دیگر ممالک میں بھی کچھ مرزائی ہیں۔ مگر ان کی تعداد سینکڑوں تک بھی نہیں پہنچتی۔ چہ جائیکہ وہ ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں ہوں لیکن ان کے غلط بیانات اور ان کے ایجنٹوں اور حواریوں کے ہوا دینے سے یہ تاثر قائم ہوتا ہے۔ کہ شاید وہ لاکھوں سے بھی متجاوز ہیں۔ مگر یہ پروپیگنڈا مرزا غلام احمد کی جھوٹی نبوت کی طرح صرف جھوٹ کا پلندہ ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ دیگر باطل فرقوں اور بے دین سیاسی لیڈروں کی ملی بھگت سے وہ پھولے نہیں سماتے۔ اور ان کی ملی اور مالی تنظیم کی جڑیں بھی خوب مضبوط ہیں۔ اور مختلف عنوانات سے وہ لوگوں کی جیبیں صاف کرنے میں بڑے مشاق ہیں۔ بقول مولانا ظفر علی خاں صاحب مرحوم ؎

مسیلمہ کے جانشیں گرہ کٹوں سے کم نہیں کتر کے جیب لے گئے پیمبری کے نام سے

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو توحید و سنت اور ختم نبوت کے بنیادی عقائد پر قائم رکھے اور فتنوں سے بچائے (آمین)

وصلی اللہ تعالیٰ وسلم علیٰ خاتم الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وازواجہ وذریاتہم واتباعہم الیٰ یوم الدین۔

احقر الناس ابوالزاہد محمد سرفراز خطیب جامع مسجد گکھڑ
وصدر مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ